AN INDEPENDENT NATIONAL DAILY FROM LAHORE
جھوٹ کیخلاف سچ کی طاقت
A.B.C CERTIFIED
DAILY MASAFAT LAHORE
روزنامہ مسافت لاہور
بانی اصغر علی جٹ (مرحوم)
ایگزیکٹو ایڈیٹر چوہدری اکرم مجید
چیف ایڈیٹر مسز راحت آراء
ایڈیٹر حیدر علی بھٹی
قیمت 10 روپے
جلد نمبر 24
بدھ 20 جمادی الثانی 1445ھ 3 جنوری 2024ء 20 پوہ 2079ب
شمارہ نمبر 210

پنجاب حکومت کا لاہور میں دوبارہ مصنوعی بارش برسانے کا فیصلہ

نگران وزیراعلیٰ پنجاب سے لاہور میں مصنوعی بارش کرنیوالی یواے ای کے محکمہ موسمیات کی کلاؤڈ سیڈنگ ٹیم کے سربراہ احمد الکمال کی سربراہی میں وفد کی ملاقات

متحدہ عرب امارات کی قیادت کے شکرگزار ہیں، یواے ای کی ٹیم مطلوبہ بادل آتے ہی مصنوعی بارش برسائیگی تاکہ سموگ لیول میں مزید کمی لائی جاسکے: محسن نقوی

لاہور (نمائندہ خصوصی) نگران وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی سے لاہور میں مصنوعی بارش کرنے والی متحدہ عرب امارات کے محکمہ موسمیات کی کلاؤڈ سیڈنگ ٹیم کے سربراہ احمد الکمال کی سربراہی میں وفد نے ملاقات کی۔ وزیراعلیٰ سے ملاقات کرنے والوں میں چیف پائلٹ مائیکل اینسنس اور پائلٹ کرنل عبید شامل تھے۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی نے سموگ میں کمی کے لئے مصنوعی بارش برسانے والے یواے (بقیہ نمبر 38)

سال نو کا دوسرا روز عوامی خدمت کا مشن دن رات جاری

وزیراعلیٰ کا رات گئے شدید سردی میں زیرتعمیر نئے راوی پل اور شاہدرہ چوک کا دورہ

لاہور (این این آئی) سال نو کے دوسرے روز بھی عوامی خدمت کا مشن دن رات جاری۔ وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے رات گئے شدید سردی میں زیر تعمیر نئے راوی پل اور شاہدرہ چوک کے دورے کیے اور راوی برج پر رات کی شفٹ میں جاری ترقیاتی کاموں کا معائنہ کیا۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی نے نئے راوی پل کی تعمیراتی سرگرمیوں کا جائزہ لیا اور پائلنگ اور ڈرلنگ کے کاموں پر پیشرفت کا مشاہدہ کیا۔(بقیہ نمبر 37)

رفتار اور معیار کے ساتھ ایک اور عوامی منصوبہ مکمل

پی آئی سی ایمرجنسی کا گراؤنڈ فلور جلد مریضوں کیلئے کھول دیا جائیگا: وزیراعلیٰ پنجاب

لاہور (این این آئی) رفتار اور معیار کے ساتھ ایک اور عوامی منصوبہ مکمل۔ وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی کی مسلسل مانیٹرنگ اور دوروں سے پی آئی سی کی ایمرجنسی کی اپ گریڈیشن کا 99 فیصد کام مکمل ہوگیا ہے۔ پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی کی ایمرجنسی کا گراؤنڈ فلور کو جلد مریضوں کے لئے کھول دیا جائے گا۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی نے پنجاب انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی کی اپ گریڈ ہونے والی (بقیہ نمبر 39)

وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی پنجاب انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی کی اپ گریڈ ہونیوالی ایمرجنسی کا دورہ کررہے ہیں

2002 میں قائداعظم ہوتے تو وہ بھی نااہل ہوتے: چیف جسٹس

کسی شخص کو ایک بار سزا مل گئی تو بات ختم کیوں نہیں ہوجاتی؟ یہ کیسے ہوسکتا ہے کہ سزا کے بعد کبھی انتخابات نہ لڑ سکے؟، سپریم کورٹ، ستم ظریفی ہے کہ آئین کے تحفظ کی قسم کھاکر آنیوالے خود آئین توڑیں پھر یہ ترامیم کریں: چیف جسٹس

کیا ضیاء الحق کا اپنا کردار اچھا تھا؟ اسلامی معیار کے مطابق تو کوئی بھی اعلیٰ کردار کا مالک ٹھہرایا نہیں جاسکتا، ہم تو گناہ گار ہیں اور اللہ تعالیٰ سے معافی مانگتے ہیں، آرٹیکل 62 میں نااہلی کی مدت درج نہیں، یہ عدالت نے دی: ریمارکس

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ آف پاکستان نے آرٹیکل 62 ون ایف کے تحت سیاستدانوں کی تاحیات نااہلی سے متعلق کیس میں سوال اٹھایا ہے کہ کسی شخص کو ایک بار سزا مل گئی تو بات ختم کیوں نہیں ہوجاتی؟ یہ کیسے ہوسکتا ہے کہ سزا کے بعد کبھی انتخابات نہ لڑ سکے؟، اسلامی معیار کے مطابق تو کوئی بھی اعلیٰ کردار کا مالک ٹھہرایا نہیں جاسکتا، ہم تو گناہ گار ہیں اور اللہ تعالیٰ سے معافی مانگتے ہیں، آرٹیکل 62 میں نااہلی کی مدت درج نہیں، یہ عدالت نے دی۔ چیف جسٹس پاکستان قاضی فائزعیسیٰ کی سربراہی میں 7 رکنی لارجر بینچ سماعت کررہا ہے جس میں جسٹس منصور علی شاہ، جسٹس یحییٰ آفریدی، جسٹس امین الدین خان، جسٹس جمال مندوخیل، جسٹس محمد علی مظہر اور جسٹس مسرت ہلالی بھی ہیں۔ سماعت کے آغاز میں اٹارنی جنرل نے استدعا کی کہ آرٹیکل 62 ون ایف کے تحت تاحیات نااہلی کی تشریح کے فیصلے کا دوبارہ جائزہ لیا جائے۔ چیف جسٹس پاکستان قاضی فائزعیسیٰ نے استفسار کیا کہ اٹارنی جنرل! آپ (بقیہ نمبر 40)

امریکی سفیر کی نگران وزیر خارجہ جلیل عباس جیلانی سے ملاقات

ملاقات میں دونوں رہنماؤں کے درمیان وسیع دوطرفہ امور پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) امریکی سفیر ڈونلڈ بلوم نے نگران وزیر خارجہ جلیل عباس جیلانی سے ملاقات کی۔ قائم مقام ترجمان امریکی سفارتخانہ کے مطابق ملاقات میں دونوں رہنماؤں کے درمیان وسیع دوطرفہ امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ترجمان کے مطابق سفارتی روابط اور دوطرفہ دلچسپی کے دیگر امور پر بھی گفتگو کی گئی، اہل افغان شہریوں کی امریکہ منتقلی کے عمل پر بھی بات چیت کی گئی۔

بہت جلد برآمدات کو ماہانہ 3 ارب ڈالرز تک بڑھائیں گے، نگران وزیر تجارت

اسلام آباد (این این آئی) نگران وزیر تجارت گوہر اعجاز نے کہا ہے کہ بہت جلد برآمدات کو ماہانہ 3 ارب ڈالرز تک بڑھائیں گے، ملکی برآمدات کو ماہانہ 8 ارب ڈالرز تک پہنچانا اگلا ہدف (بقیہ نمبر 41)

لاہور: نگران وزیراعظم انوار الحق کاکڑ اور مسلم لیگ ق کے سربراہ چودھری شجاعت حسین ملاقات کررہے ہیں

انتخابات 2024، الیکشن کمیشن میں اجلاس، سکیورٹی کے حوالے سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن میں چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجا کی زیرصدارت ہونے والا اجلاس ہوا جس میں عام انتخابات 2024 کی سکیورٹی کا معاملہ زیر بحث آیا۔ نجی ٹی (بقیہ نمبر42)

ملک میں خواتین کا مقام بہتر بنانے کی ضرورت ہے: صدر

خواتین کو جائز حصہ دینا اور محفوظ معاشرہ تشکیل دینا ہماری ذمہ داری ہے: گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے ملک میں خواتین کا مقام بہتر بنانے اور انہیں روزگار کی فراہمی کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ خواتین کی معاشی شمولیت بڑھانے کیلئے خواتین کو مقام کار پر سازگار ماحول دینا ہوگا، خواتین کو جائز حصہ دینا اور محفوظ معاشرہ تشکیل دینا ہماری ذمہ داری ہے۔ ایوان صدر کے پریس ونگ کے مطابق صدر مملکت نے ان (بقیہ نمبر 43)

گیلانی سمیت 28 سینیٹرز نے اثاثوں کی تفصیل نہ دی

15 جنوری تک اثاثوں کی تفصیلات جمع نہ کرانیوالے سینیٹرز کی ممبرشپ معطل کردی جائیگی

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن نے کہا ہے کہ 15 جنوری تک اثاثوں کی تفصیلات جمع نہ کرانے والے سینیٹرز کی ممبرشپ معطل کر دی جائے گی۔ الیکشن کمیشن کے مطابق 28 سینیٹرز نے تاحال اثاثوں کی تفصیلات جمع نہیں کرائی جن میں یوسف رضا گیلانی، مصدق ملک، شاہین خالد اور عون عباس نے اثاثوں کی تفصیلات جمع نہیں کرائی۔ اس کے علاوہ سیف اللہ نیازی، نزہت صادق، محمد علی (بقیہ نمبر 44)

نگران وزیراعظم کی شجاعت حسین کے گھر آمد، خیریت دریافت کی

ملاقات میں مجموعی ملکی صورتحال پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا، نگران وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی بھی وزیراعظم کے ہمراہ تھے

چودھری شجاعت پاکستان کے معتبر سیاستدان ہیں، انہوں نے ہمیشہ رواداری اور مفاہمت کی سیاست کی: انوار الحق کاکڑ

لاہور (وقائع نگار) نگران وزیراعظم انوار الحق کاکڑ نے کہا ہے کہ چودھری شجاعت نے ہمیشہ رواداری اور مفاہمت کی سیاست کی ہے۔ نگران وزیراعظم انوار الحق کاکڑ سابق وزیراعظم چودھری شجاعت حسین سے ملاقات کے لئے ان کے گھر پہنچے اور خیریت دریافت کی، ملاقات کے دوران مجموعی ملکی صورتحال پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ نگران وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی بھی وزیراعظم انوار الحق کاکڑ کے ہمراہ تھے۔ اس موقع پر گفتگو کرتے (بقیہ نمبر 45)

آزادانہ انتخابات کا انعقاد نتائج سے زیادہ اہم ہے، سپریم کورٹ

انتخابی پروگرام میں خلل ڈالے بغیر الیکشن کمیشن شکایات دور کرے، عدالت عظمیٰ کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے کہا ہے کہ آزادانہ اور منصفانہ انتخابات کا انعقاد نتائج سے زیادہ اہم ہے، انتخابات جمہوری اصولوں کے مطابق کرائے جائیں جو اثر ورسوخ اور جبر سے پاک ہوں اور تمام جماعتوں کو مساوی مواقع ملیں۔ سپریم کورٹ نے پی ٹی آئی کی لیول پلیئنگ فیلڈ کی درخواست پر تحریری فیصلہ جاری کردیا جس میں کہا گیا کہ انتخابی پروگرام میں خلل ڈالے بغیر الیکشن (بقیہ نمبر 46)

جبری گمشدگی
لاپتہ افراد کیس

ہم پارلیمنٹ کو قانون سازی کا نہیں کہہ سکتے: چیف جسٹس

کیس سیاسی مقاصد کیلئے استعمال نہیں ہونے دینگے، کیا شیخ رشید کو معصوم افراد کی فہرست میں شامل کریں؟ وکیل شعیب شاہین سے سوال

مسئلہ اس وقت حل ہوگا جب ہم سب اپنی اپنی ذمے داریاں نبھائیں گے، ریمارکس، عدالت قانون سازی کا اختیار نہیں رکھتی: جسٹس محمد علی مظہر

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ کے چیف جسٹس پاکستان قاضی فائز عیسیٰ نے اعتزاز احسن کے وکیل شعیب شاہین سے جبری گمشدگی کے کیس میں سوال کیا ہے کہ لاپتا افراد کا کیس سنجیدہ نوعیت کا ہے، اسے سیاسی مقاصد کے لیے استعمال کرنے، عدالت کا مذاق بنانے کی اجازت نہیں دیں گے، کیا شیخ رشید کو معصوم افراد کی فہرست میں شامل کریں؟ لاپتہ افراد کا مسئلہ اس وقت حل ہوگا جب ہم سب مل کر (بقیہ نمبر 47)

جعلی رسید کیسز، بانی پی ٹی آئی و بشریٰ بی بی کی ضمانت میں توسیع

بانی پی ٹی آئی کو عدالت میں پیش کرنے سے متعلق رپورٹ بھی عدالت میں جمع نہیں کروائی گئی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹ اسلام آباد نے جعلی رسیدوں کے کیسز کی سماعت کرتے ہوئے بانی پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی کی ضمانتوں میں 16 جنوری تک توسیع کر دی۔ بانی پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی کے خلاف جعلی رسیدوں کے کیسز کی سماعت ایڈیشنل سیشن جج طاہر عباس سپرا کی رخصت کے باعث ڈیوٹی جج احمد ارشد نے کی۔ دوران سماعت بشریٰ بی بی اپنے وکلاء خالد یوسف، عمیر (بقیہ نمبر48)

پولیس کا مقصد حلیم عادل شیخ کو سلاخوں کے پیچھے رکھنا ہے: عدالت

سندھ ہائی کورٹ نے حلیم عادل شیخ کے بیٹے کی دائر درخواست پر فیصلہ سنادیا

کراچی (بیورو رپورٹ) سندھ ہائی کورٹ نے کہا ہے کہ سندھ پولیس کا مقصد صرف حلیم عادل شیخ کو سلاخوں کے پیچھے رکھنا ہے۔ پی ٹی آئی رہنما حلیم عادل شیخ کے خلاف درج مقدمات کی تفصیلات فراہمی کے کیس کی سماعت ہوئی، سندھ ہائی کورٹ نے حلیم عادل شیخ کے بیٹے کی دائر درخواست پر فیصلہ سنادیا۔ عدالت نے کہا کہ حلیم عادل شیخ پاکستانی شہری ہیں اور ان کے بھی بنیادی حقوق ہیں، سندھ پولیس (بقیہ نمبر 49)

اسلام آباد: صدر ڈاکٹر عارف علوی کے ہمراہ وفاقی محتسب برائے انسداد ہراسیت سیکرٹریٹ کے ہیڈ آفس کے دورہ کے موقع پر شرکا کا گروپ فوٹو

اسلام آباد: وفاقی وزیر خارجہ جلیل عباس جیلانی سے آزاد کشمیر خواتین ونگ کی چیئرپرسن ریحانہ خان ملاقات کررہی ہیں

عام انتخابات پی کے 91 ریٹرننگ افسر کی معطلی کا حکم امتناع کالعدم قرار

ہتھکنڈوں سے لگ رہا ہے کچھ لوگ چاہتے ہیں انتخابات نہ ہوں، سمجھ نہیں آرہی الیکشن کمیشن کو سنے بغیر کیسے عدالتیں فیصلے کررہی ہیں؟ چیف جسٹس

پشاور ہائیکورٹ کے جج نے نوٹس جاری کرنا بھی مناسب نہ سمجھا، ریٹرننگ افسر کوئی بھی ہو، کیا فرق پڑیگا، سپریم کورٹ نے الیکشن کمیشن کی اپیل منظور کرلی

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ کے چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ نے خیبر پختونخوا اسمبلی کے حلقہ کوہاٹ پی کے 91 پر ریٹرننگ افسران معطل کرنے کے معاملے کی سماعت کے دوران ریمارکس دیئے ہیں کہ جو ہتھکنڈے استعمال ہورہے ہیں، ایسا لگ رہا ہے کچھ لوگ چاہتے ہیں کہ انتخابات نہ ہوں۔ منگل کو سماعت کے دوران چیف جسٹس نے کہا کہ آپ اپنی مرضی کا ریٹرننگ افسر لگوانا چاہتے ہیں، جو ہتھکنڈے استعمال ہورہے ہیں ایسا لگ رہا ہے کچھ لوگ چاہتے ہیں کہ انتخابات نہ ہوں، ایک ریٹرننگ افسر بیمار ہوا دوسرا لگادیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ پشاور ہائی کورٹ نے ٹھک کر کے تقرری کینسل کر دی، (بقیہ نمبر 60)

بلاول بھٹو کے کاغذات نامزدگی کی منظوری کا تحریری فیصلہ جاری

دو سیاسی جماعتوں سے وابستگی کے معاملے پر الیکشن کمیشن سے رجوع کیا جائے، فیصلہ

لاہور (این این آئی) لاہور کے حلقے این اے 127 سے پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو کے کاغذات نامزدگی کی منظوری کا تحریری فیصلہ میں کہا گیا ہے کہ دو سیاسی جماعتوں سے وابستگی کے معاملے پر الیکشن کمیشن سے رجوع کیا جائے۔ ریٹرننگ افسر نے 4 صفحات پر مشتمل تحریری فیصلہ جاری کیا ہے۔ فیصلے میں کہا گیا کہ دو سیاسی جماعتوں سے وابستگی کے معاملے پر الیکشن (بقیہ نمبر 50)

پیپلز پارٹی کی سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کا اجلاس آج ہوگا

اجلاس میں ملکی سیاسی صورتحال اور عام انتخابات کے حوالے سے اہم فیصلے ہونگے

لاہور (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی زیرصدارت سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کا اجلاس آج (بدھ) کو لاہور میں ہوگا۔ اجلاس میں ملکی سیاسی صورتحال اور عام انتخابات کے حوالے سے اہم فیصلے کئے جائیں گے۔ اجلاس میں پیپلز پارٹی کی عام انتخابات کے حوالے سے انتخابی مہم اور منشور کے حوالے سے بھی تبادلہ خیال کیا جائے گا۔

گڈو پاور پلانٹ کی فنی خرابی دور نہ ہوسکی، بجلی کا نظام درہم برہم

پاور پلانٹ کا نیا بریکر خریدنے میں تقریباً 15 روز لگ سکتے ہیں، ذرائع پاور ہاؤس

کشمور (این این آئی) گڈو تھرمل پاور پلانٹ کے سوئچ یارڈ میں فنی خرابی کو دور نہ کیا جاسکا۔ ذرائع کے مطابق 48 گھنٹے گزرنے کے باوجود پاور پلانٹ کے سوئچ یارڈ کے بریکر کی مرمت نہ ہوسکی۔ پاور ہاؤس ذرائع نے بتایا کہ نیا بریکر خریدنے میں تقریباً 15 روز لگ سکتے ہیں، متبادل ہائی ٹرانسمیشن لائن بھی شدید دھند کے باعث ٹرپ کرگئی ہے جس کے باعث سندھ، پنجاب اور بلوچستان کے (بقیہ نمبر 51)

10 سالہ نااہلی کی بحالی: نیب کو عدالت سے فوری ریلیف نہ مل سکا

اسلام آباد (این این آئی) نیب سے سزا یافتہ افراد کی 10 سالہ نااہلی کے معاملے پر نیب کو عدالت سے فوری طور پر کوئی ریلیف نہ مل سکا۔ نیب نے سزا یافتہ افراد کی 10 سالہ نااہلی کم کرکے (بقیہ نمبر 52)

شہباز شریف کے کاغذات نامزدگی کی منظوری کے خلاف اپیل دائر

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر شہباز شریف کے حلقے این اے 132 سے کاغذات نامزدگی کی منظوری کے خلاف اپیل دائر کردی گئی۔ شہباز شریف کے خلاف اپیل شاہد اورکزئی نے دائر کی، اپیل میں موقف اپنایا گیا (بقیہ نمبر 53)

لاہور: ن لیگ کے سینئر رہنما میاں جاوید لطیف ماڈل ٹاؤن میں پریس کانفرنس کررہے ہیں

دسمبر میں پاکستان کی برآمدات میں 22 فیصد کا اضافہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کی برآمدات دسمبر میں سالانہ بنیادوں پر 22.21 فیصد اضافے کے بعد 2 ارب 81 کروڑ 20 لاکھ ڈالرز تک جا پہنچیں۔ پاکستان ادارہ شماریات کی (بقیہ نمبر 61)

میرے کاغذات نامزدگی پانی کے بل کی عدم ادائیگی پر مسترد کیے گئے، شیر افضل مروت

اسلام آباد (این این آئی) رہنما پاکستان تحریک انصاف شیر افضل مروت نے کہا ہے کہ پانی کے کنکشن کے بلوں کی عدم ادائیگی پر میرے کاغذات نامزدگی مسترد کردیے گئے۔ سپریم کورٹ کے باہر شیر افضل مروت نے میڈیا سے گفتگو کرتے (بقیہ نمبر 62)

عمران کے دو حلقوں سے کاغذات نامزدگی مسترد ہونے کیخلاف اپیلیں تیار

اپیلیں اڈیالہ جیل بھجوادی گئیں، این اے 122 اور 89 کی اپیل میانوالی میں دائر ہوگی

لاہور (نیوز رپورٹر) این اے 122 اور این اے 89 میانوالی سے بانی پی ٹی آئی عمران خان کے کاغذات نامزدگی مسترد ہونے کے خلاف اپیلیں تیار کرلی گئیں۔ اپیلیں دستخط کرکے اڈیالہ جیل بھجوادی گئی ہیں۔ دستخط کے بعد کل اپیلیں دائر کی جائیں گی۔ ذرائع کے مطابق این اے 122 لاہور اور این اے 89 کی اپیل میانوالی میں دائر ہوگی۔ عمران خان کے میانوالی اور لاہور سے (بقیہ نمبر 63)

جو تاحیات نااہل ہیں، ان کا راستہ روکیں گے، چیئرمین پی ٹی آئی

الیکشن اہم عمل ہے، ایک پارٹی کو باہر کرنے سے پارلیمان کمزور، معیشت ڈوب جائیگی، بیرسٹر گوہر

راولپنڈی (این این آئی) چیئرمین پاکستان تحریک انصاف بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ جو شخص تاحیات نااہل ہیں، ان کا راستہ روکیں گے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ الیکشن اہم عمل ہے، ایک پارٹی کو باہر کرنے سے پارلیمان کمزور، معیشت ڈوب جائیگی۔ انہوں نے کہا کہ عدلیہ سے درخواست ہے اس وقت آپ ہی کا کردار ہے، متعلقہ آر اوز نے درست فیصلے نہیں کیے، (بقیہ نمبر 64)

پشاور، تھرمل ویپن کے ذریعے پولیس چوکی پر شدت پسندوں کا حملہ ناکام

شدت پسند جمعہ خان خوڑ کے قریب حملے کیلئے پوزیشن تلاش کررہے تھے، پولیس

پشاور (این این آئی) پشاور میں تھرمل ویپن کے ذریعے پولیس چوکی پر شدت پسندوں کے حملے کو ناکام بنادیا گیا۔ ایس ایس پی آپریشنز کاشف آفتاب عباسی کے مطابق تھانہ ارگی ماڈل ٹاؤن کی حدود میں پولیس چوکی پر شدت پسندوں نے حملہ کیا جس پر پولیس کی جانب سے بروقت جوابی کارروائی کی گئی جس کے نتیجے میں 8 سے زیادہ شدت پسند فرار ہوگئے۔ ایس ایس پی آپریشنز کے مطابق تھرمل ویپن سے (بقیہ نمبر 65)

مسلم لیگ (ن) ہاؤس پر حملہ، صنم جاوید جوڈیشل ریمانڈ پر جیل منتقل

پولیس نے ملزمہ کو جسمانی ریمانڈ مکمل ہونے پر پیش کیا، عدالت نے مزید ریمانڈ کی استدعا مسترد کردی

لاہور (این این آئی) لاہور کی سیشن عدالت نے پاکستان مسلم لیگ (ن) ہاؤس کو جلانے کے مقدمے کی سماعت کرتے ہوئے پاکستان تحریک انصاف کی کارکن صنم جاوید کو جوڈیشل ریمانڈ پر جیل بھیج دیا۔ سیشن جج لاہور قیصر نذیر بٹ نے بطور ڈیوٹی جج کیس کی سماعت کی، پولیس نے صنم جاوید کو جسمانی (بقیہ نمبر 55)

غیر شرعی نکاح کیس، عمران خان، بشریٰ بی بی پر 10 جنوری کو فرد جرم عائد کی جائیگی

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کی مقامی عدالت نے بانی پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) عمران خان اور ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی پر غیر شرعی نکاح کیس میں فرد جرم عائد کرنے کے لیے (بقیہ نمبر56)

سارہ انعام قتل، مجرم کی والدہ ثمینہ شاہ کی بریت کیخلاف اپیل دائر

اسلام آباد (این این آئی) سارہ انعام قتل کیس میں مقتولہ کے والد انعام الرحیم نے اسلام آباد ہائی کورٹ سے رجوع کرلیا۔ مقتولہ سارہ انعام کے والد انعام الرحیم نے مجرم کی والدہ ثمینہ (بقیہ نمبر 57)

کاغذات نامزدگی مسترد کیے جانے کیخلاف شیخ رشید کی اپیل سماعت کیلئے منظور

جسٹس مرزا وقاص رؤف نے این اے 56 اور 57 کے آر اوز کو نوٹسز جاری کردیئے

راولپنڈی (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے قومی اسمبلی کے دو حلقوں کے لیے شیخ رشید کے کاغذات نامزدگی مسترد کیے جانے کے خلاف ان کی اپیل سماعت کیلئے منظور کرلی۔ لاہور ہائیکورٹ راولپنڈی بینچ نے این اے 56 اور 57 سے کاغذات نامزدگی مسترد کیے جانے کے خلاف شیخ رشید کی اپیل (بقیہ نمبر 58)

پی ٹی آئی کے پاس بلا رہے گا یا نہیں؟ فیصلہ آج سنایا جائیگا

انٹرا پارٹی انتخابات اور انتخابی نشان کی بحالی کیخلاف الیکشن کمیشن کی نظرثانی درخواست پر پشاور ہائیکورٹ کا فیصلہ محفوظ

سنگل بینچ نے الیکشن کمیشن کو سنے بغیر انتخابی نشان سے متعلق فیصلہ معطل کیا، الیکشن کمیشن کے وکیل سکندر مہمند کے دلائل

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے انٹرا پارٹی انتخابات اور انتخابی نشان کی بحالی کے خلاف الیکشن کمیشن کی نظرثانی درخواست پر پشاور ہائی کورٹ نے فیصلہ محفوظ کرلیا جو (آج) بدھ کو سنایا جائے گا۔ منگل کو الیکشن کمیشن کی درخواست پر جسٹس اعجاز خان نے سماعت کی۔ الیکشن کمیشن کے وکیل سکندر مہمند نے دلائل کا آغاز کرتے ہوئے کہا کہ پی ٹی آئی نے انٹرا پارٹی الیکشن صحیح طریقے سے نہیں کرائے، الیکشن کمیشن کے (بقیہ نمبر 66)

ن لیگ نے ترقی دی ہے تعاون کرنے کیلئے تیار ہیں: مولانا فضل الرحمن

پہلے بھی ہم ایک دوسرے کیساتھ الیکشن لڑتے رہے ہیں، افغانستان کیساتھ میرا اپنا تعلق ہے، جسے میں استعمال کروں گا

ادارے ایک سمت میں جائینگے تو ملک چلے گا، اداروں کے درمیان تصادم ہوگا تو ملک پر منفی اثرات ہونگے: امیر جے یو آئی

اسلام آباد (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن نے کہا ہے کہ مسلم لیگ (ن) نے ترقی دی ہے ہم ان کے ساتھ تعاون کرنے کے لیے تیار ہیں، پہلے بھی ہم ایک دوسرے کے ساتھ الیکشن لڑتے رہے ہیں، افغانستان کے ساتھ میرا اپنا تعلق ہے، جسے میں استعمال کروں گا، ادارے ایک سمت میں جائیں گے تو ملک چلے گا، اداروں کے درمیان تصادم ہوگا تو ملک پر منفی اثرات ہوں گے۔ ایک (بقیہ نمبر 54)

اسرائیل کی غزہ پر وحشیانہ بمباری، مزید 180 سے زائد افراد شہید

فورسز کی فلسطینیوں کو جنوبی غزہ خالی کرنیکا حکم دیتے ہوئے رفاہ منتقل ہونیکی ہدایت

غزہ (این این آئی) صیہونی فورسز کے حملوں میں مزید 180 سے زائد افراد شہید اور سیکڑوں زخمی ہوگئے ہیں۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق صیہونی فورسز نے جبالیہ پناہ گزین کیمپ پر چھاپہ مار کر 6 فلسطینیوں کو شہید کر دیا، حملوں میں غزہ کی 70 فیصد رہائشی عمارتیں تباہ ہوگئیں۔ عرب میڈیا کے مطابق صیہونی فورسز نے فلسطینیوں کو جنوبی غزہ خالی کرنے کا حکم دیتے ہوئے رفاہ منتقل ہونے کی (بقیہ نمبر 59)

لاہور: گورنر پنجاب محمد بلیغ الرحمٰن کے ساتھ ایف پی سی سی آئی کے وفد کا وفاقی وزراء گوہر اعجاز، ڈاکٹر شمشاد اختر اور صوبائی وزیر ایس ایم تنویر کی قیادت میں ملاقات کے موقع پر گروپ فوٹو

اسلام آباد: نگران وفاقی وزیر انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کمیونیکیشن ڈاکٹر عثمان سیف سے برطانوی ہائی کمشنر مس جین میریٹ ملاقات کررہی ہیں

DAILY MASAFAT LAHORE
روزنامہ مسافت لاہور
بانی اصغر علی جٹ (مرحوم)
ایگزیکٹو ایڈیٹر چوہدری اکرم مجید
چیف ایڈیٹر مسز راحت آراء
ایڈیٹر حیدر علی بھٹی

پاک افغان تعلقات میں بڑھتی ہوئی کشیدگی

پاکستان اور افغانستان کے تعلقات میں بڑھتی ہوئی کشیدگی کے تناظر میں یہ یقیناً ایک امید افزا خبر ہے کہ صورت حال کو بہتر بنانے کی خاطر بات چیت کے لیے افغان طالبان کے سینئر رہنما اور صوبہ قندھار کے گورنر ملا شیریں اخوند کی آئندہ چند روز میں اسلام آباد آمد متوقع ہے۔ یہ ایک واضح حقیقت ہے کہ دونوں برادر مسلم ملک عقیدے ہی نہیں گہرے تاریخی، تہذیبی، نسلی، لسانی، معاشی اور جغرافیائی رشتوں میں بھی بندھے ہوئے ہیں۔ افغانستان کو پچھلی چار دہائیوں میں دوبار عالمی طاقتوں کی فوج کشی کے نتیجے میں جن شدید مسائل کا سامنا کرنا پڑا، پاکستانی قوم نے ان سے عہدہ برآ ہونے میں افغان بھائیوں کی ہر ممکن مدد کی۔ بالخصوص ان ہولناک جنگوں کی تباہ کاریوں کے باعث جو لاکھوں افغان خاندان ترک وطن کر کے پاکستان پہنچے ملک کے ہر حصے کے لوگوں اور حکومتوں نے ان کی بھرپور میزبانی کی اور ان میں سے بیشتر کو عملاً پاکستان کے شہریوں جیسی سہولتیں حاصل رہیں۔ تاہم نائن الیون کے بعد افغانستان پر نیٹو امریکی فوج کشی کو اقوام متحدہ کی حمایت حاصل ہونے کی وجہ سے اس وقت کی اسلام آباد حکومت کو اس جنگ میں مختلف شکلوں میں امریکہ سے تعاون کرنا پڑا جس کی وجہ سے پاکستان بھی بڑے پیمانے پر افغان تحریک مزاحمت کے مقامی حامیوں یعنی تحریک طالبان پاکستان اور کئی دوسرے جنگجو گروہوں کی دہشت گردی کا شدید طور پر نشانہ بنا۔ تاہم افغانستان میں بیس سال تک جاری رہنے والی اس جنگ کا خاتمہ تحریک طالبان افغانستان اور امریکی حکومت کے مابین مذاکرات سے ہوا جنہیں ممکن بنانے میں پاکستان کا کردار کلیدی اہمیت کا حامل تھا۔ ان مذاکرات کے نتیجے میں امریکی افواج افغانستان سے واپس گئیں اور اگست 2021 میں امارت اسلامی افغانستان کی شکل میں ملک پر طالبان کی حکومت کا قیام عمل میں آیا۔ اس کے بعد توقع تھی کہ افغان سرزمین کا پاکستان کے خلاف دہشت گردی کی خاطر استعمال فوری اور مکمل طور پر بند ہو جائے گا لیکن افغان حکومت کی مسلسل یقین دہانیوں کے باوجود ایسا نہیں ہوا جس کی وجہ سے پاکستان میں حکومتی اور عوامی سطح پر منفی تاثر قائم ہوا جبکہ موجودہ نگراں حکومت نے گزشتہ نومبر کے مہینے میں پاکستان میں غیر قانونی طور پر مقیم تمام 17 لاکھ افغان باشندوں کو تیس دن کے اندر ملک چھوڑنے کا حکم دے دیا جو بظاہر ایک عاجلانہ اور ناقابل عمل فیصلہ تھا اور وقت نے اس تاثر کو درست ثابت بھی کیا جس کے بعد افغانوں کی فوری واپسی کا سلسلہ تو عملاً رک گیا لیکن اس کے نتیجے میں ایک طرف افغانستان میں حکومتی اور عوامی سطح پر غلط فہمیوں نے جنم لیا اور دوسری طرف پاکستان کے اندر ٹی ٹی پی کی دہشت گردی کی کارروائیوں میں نمایاں اضافہ دیکھا گیا اور ہر سطح پر افغانستان کے خلاف منفی ردعمل کا باعث بنا۔ ظاہر ہے کہ اس صورت حال کا برقرار رہنا دونوں ملکوں میں سے کسی کے حق میں نہیں۔ خوشگوار باہمی تعلقات دونوں ملکوں کی لازمی ضرورت ہیں لہٰذا یہ امر نہایت خوش آئند ہے کہ دونوں جانب سے معاملات کو افہام و تفہیم سے طے کرنے کا راستہ اختیار کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے اور موجودہ افغان قیادت میں نمایاں حیثیت رکھنے والے رہنما ملا شیریں اخوند پاکستان آنے والے ہیں تاکہ کالعدم تحریک طالبان پاکستان (ٹی ٹی پی) کے معاملے پر دوطرفہ تعلقات میں پیدا ہونے والا تعطل ختم کرنے کی ایک نئی کوشش کی جا سکے۔ مولانا فضل الرحمٰن کو بھی ذرائع کے مطابق افغان حکومت نے اسی مقصد کیلئے دارالحکومت کابل میں مدعو کیا تھا۔ بتایا گیا ہے کہ ملا شیریں اخوند اسلام آباد میں انٹیلی جنس اور دفتر خارجہ کے حکام سے بھی ملاقاتیں کریں گے' امید ہے کہ یہ پیش رفت افغان سرزمین کے پاکستان کے خلاف استعمال کے مکمل سدباب کا ذریعہ بنے گی اور دونوں برادر مسلم ملکوں کے تعلقات نئی بلندیوں سے ہمکنار ہوں گے۔

محکمہ صحت فیصل آباد میں کرپشن سکینڈل کے مرکزی کردار ڈرگ

انسپکٹر شہباز فاروق نے دوبارہ سے چھریاں تیز کرنا شروع کر دیں

فیصل آباد (شفاقت علی راجپوت) بابو بادشاہ اور سیکرٹری DQCB کی معاون وسہولت کار بن کر سرتوڑ و سرجوڑ کاوشیں جاری۔ محکمہ صحت فیصل آباد میں کرپشن سکینڈل کے مرکزی کردار ڈرگ انسپکٹر شہباز فاروق نے دوبارہ سے چھریاں تیز کرنا شروع کر دیں۔ مدعیان کو رام کرنے کیساتھ انوسٹروں سے بوریوں کے منہ کھولنے کے لیے ترلے عروج پر۔ سیکرٹری DQCB کے مفاہمتی کردار پر ملزمان کی جانب سے خراج تحسین۔ CO دفتر کیپا بابو بادشاہ نے کرسی پر بیٹھے بیٹھے الٹی بازی پلٹ کر گیم سیدھی کر دی۔ قانونی تناظر میں سہولت کاری ناقابل معافی فعل، شہباز فاروق کا معاونین و سہولت کاروں سمیت کڑا احتساب ناگزیر۔ قانون شکن فرسودہ روایات کا تدارک وقت کی اہم ضرورت۔ تفصیلات کے مطابق محکمہ صحت فیصل آباد کے کرپشن سکینڈل کے مرکزی کردار معطل شدہ ڈرگ انسپکٹر شہباز فاروق نے معاملات سیٹل ہوتے دیکھ کر دوبارہ سے چھریاں کرنا شروع کر دیں ھیں۔ انسپکشنز و دیگر خلاف ورزیوں بارے ازسرنو کرپشن شیڈول کی تیاریاں عروج پر ھیں۔ جان و جاب بخشی کے لئے سیکرٹری DQCB کے مفاہمتی کردار پر ملزمان کی جانب سے خراج تحسین پیش کیا گیا۔ صوبائی سیکرٹریٹ صحت کے ٹاکی ماسٹر نے بھی نیا نیا مسکرانا شروع کر دیا ھے اور بچوں کی فرمائشیں پوری کرنے کے لئے مزید چند دن کی مہلت مانگ لی ھے۔ فیصل آباد کے معطل شدہ چاچو حضرات کے پاس ٹاکی ماسٹر کے بچوں کے لیے گفٹس بھی تیار ھیں۔ ثابت شدہ رشوت خوری کے معاملے کو انتہائی خوش اسلوبی و انتھک محنت سے CO دفتر کے بابو بادشاہ نے مہارت دکھاتے ہوئے الٹی بازی پلٹ کر ملزمان سے داد وصول کی۔ موسم کی مناسبت سے مچھلی پارٹیاں معمول بن چکا ھے۔ قانونی تناظر میں ملزمان کے غیر جانبدار احتساب اور جرائم کے خاتمے کے لیے معاونین و سہولت کاروں کو شامل تفتیش کرنا اہم جزو ہوتا ھے۔ مگر بدقسمتی سے ملزمان بھی مدعیان کو راضی کر کے سرخرو ہو جاتے ھیں اور معاونین و سہولت کار "وچولوں" کا کردار ادا کرتے ھیں۔ محکمہ صحت فیصل آباد کے ضلعی مجاز آفیسران بشمول سیکرٹری DQCB نے معاون اور سہولت کاری کا کردار معنی خیز اور قابل احتساب ھے۔ معطل شدہ ڈرگ انسپکٹر شہباز فاروق کا غیر جانبدار احتساب و ضلع بدری ناگزیر ہو چکی ھے۔ سماجی حلقوں نے چیف جسٹس لاہور ھائی کورٹ لاہور، نگران وزیر اعلی پنجاب، چیف سیکرٹری پنجاب، صوبائی سیکرٹری صحت پنجاب، صوبائی سیکرٹری پرائمری اینڈ سیکنڈری صحت پنجاب، چیرمین وزیر اعلی شکایات سیل پنجاب، چیرمین وزیر اعلی انسپکشن ٹیم پنجاب، ڈائریکٹر جنرل محکمہ انٹی کرپشن پنجاب، کمشنر و ڈپٹی کمشنر فیصل آباد اور چیف آفیسر محکمہ صحت فیصل آباد سے پرزور مطالبہ کیا ھے کہ مفاد عامہ کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے ہنگامی بنیادوں پر نوٹس لیں۔ کسی ایماندار و فرض شناس ڈرگ انسپکٹر کو اقبال ٹاؤن میں تعینات کیا جائے۔ اور معطل شدہ ڈرگ انسپکٹر شہباز فاروق کو فی الفور ضلع بدر کیا جائے باقی سروس فیصل آباد میں تعیناتی پر پابندی عائد کی جائے اور اعلی سطحی و غیر جانبدار انکوائری کمیٹی تشکیل دیکر انسداد رشوت ستانی ایکٹ کے تحت مقدمات کا اندراج و سخت محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے۔

لاہور: امیدوار ایم این اے NA121 الحاج شیخ روحیل اصغر کا پی پی 153 رانا خان محمد کی رہائش گاہ کارنر میٹنگ کے موقع پر ملک سعید و دیگر کارکنوں کے ہمراہ گروپ فوٹو

چوٹالہ پولیس کی اہم کاروائی منشیات فروش ملزم سمیت

چوری کے مقدمہ میں ملوث ملزم گرفتار

جہلم (ڈپٹی بیورو چیف عتیق حسین) چوٹالہ پولیس کی اہم کاروائی، تفصیلات کے مطابق منشیات فروش ملزم سمیت چوری کے مقدمہ میں ملوث ملزم گرفتار کر کے مسروقہ موٹر سائیکل اور چرس برآمد کر لی گئی، چوٹالہ پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے ملزم منظور خان کو گرفتار کر لیا، ملزم سے 05 کلو 500 گرام چرس برآمد جبکہ ایک اور اہم کاروائی کرتے ہوئے چوری کے مقدمہ میں ملوث ملزم عابد علی کو گرفتار کر لیا، ملزم سے مسروقہ موٹر سائیکل برآمد، ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج، ڈی پی او جہلم ناصر محمود باجوہ کا کہنا تھا کہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف آپریشن میں تیزی لائی جائے گی۔

گوجرانوالہ اور وزیر آباد پولیس کی سال 2023 کی کارکردگی

چوری، راہزنی اور ڈکیتی کی وارداتوں میں 501 گینگز کے 1 ہزار 400 اراکین گرفتار

گوجرانوالہ اور وزیر آباد پولیس کی سال 2023 کی کارکردگی چوری، راہزنی اور ڈکیتی کی وارداتوں میں مطلوب 501 گینگز کے 1 ہزار 400 اراکین کو گرفتار کر کے ان سے 50 کروڑ 44 لاکھ سے زائد مال مسروقہ برآمد کیا گیا 8 ہزار سے زائد اشتہاری ملزمان کو گرفتار کیا گیا اور بیرون ملک فرار 23 افراد کو گرفتار کیا گیا۔ ناجائز اسلحہ کے 3 ہزار سے زائد ملزمان کو گرفتار کر کے ان سے 2 ہزار 8 سو سے زائد ویپن اور ہزاروں گولیاں برآمد کی گئیں۔ منشیات اور شراب فروشوں کے خلاف کارروائیوں میں 3 ہزار کلو سے زائد منشیات 16 ہزار 400 لیٹر شراب برآمد کی گئی اندھے قتل سمیت ٹوٹل 265 قتل کے مقدمات میں ملوث 359 ملزمان کو گرفتار کیے گئے۔ گینگ ریپ کے 78 مقدمات میں ملوث 91 ملزمان جبکہ بچوں کے ساتھ زیادتی کے 121 مقدمات میں ملوث 90 ملزمان گرفتار کیے گئے کھمبا بازی اور پتنگ فروشی میں ملوث 1 ہزار 493 کے قریب ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 3 لاکھ سے زائد پتنگیں اور 4 ہزار 760 ڈور کی گوٹیں برآمد کی گئیں پولیس خدمت مراکز میں کریکٹر سرٹیفکیٹ 26 ہزار سے زائد جاری کیے گئے رواں سال 05 لاکھ 08 ہزار سے زائد ڈرائیونگ لائسنس جاری کیے گئے تحفظ مرکز میں 26 ہزار سروسز فراہم کی جا چکی ہیں پولیس ملازمین کی ویلفیئر، شہدا کی فیملیز اور پولیس ملازمین کے اسپیشل بچوں کے لیے اب تک 1 کروڑ 86 لاکھ 31 ہزار روپے کے فنڈز جاری کیے جا چکے ہیں۔ جرائم کی بیخ کنی کے لئے ڈکیتوں اور مجرمان اشتہاریوں کے خلاف منظم مہم جاری رہے گی سٹی پولیس آفیسر محمد ایاز سلیم کی ہدایات پر گوجرانوالہ پولیس نے ایس ایس پی آپریشنز فراز احمد کی متحرک قیادت اور ایس ایس پی انویسٹی گیشن رضوان طارق کی نگرانی میں ضلع بھر میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف خصوصی کارروائیوں کا سلسلہ جاری رکھا ہوا ہے۔ ڈویژنل ایس پیز، ایس ڈی پی اوز اور سی آئی اے سمیت مختلف پولیس ٹیموں کی مشترکہ کوششوں کے غیر معمولی نتائج برآمد ہوئے ہیں، جو خطے میں امن و امان کو برقرار رکھنے کے لیے اپنے عزم کو ظاہر کرتے ہیں سال 2023 میں گوجرانوالہ اور وزیر آباد پولیس نے اپنی تفتیش میں پیشہ ورانہ مہارتوں اور سائنسی طریقوں کو بروئے کار لاتے ہوئے غیر معمولی کارکردگی کا مظاہرہ کیا بیان کی کوششوں کے نتائج میں چوری اور ڈکیتی میں ملوث پانچ سو ایک گینگز سے وابستہ 13 سو سے زائد افراد کی گرفتاری شامل ہے۔ جن سے 50 کروڑ چوالیس لاکھ سے زیادہ کی مال مسروقہ کی بازیابی پولیس کی کارروائیوں کی افادیت کو مزید واضح کرتی ہے۔ قابل ذکر بات یہ ہے کہ مجرمانہ سرگرمیوں کے خلاف کریک ڈاؤن روایتی جرائم سے آگے بڑھا اور پولیس نے مختلف جرائم میں ملوث آٹھ ہزار سے زائد افراد کو کامیابی سے گرفتار کیا جن میں بیرون ملک فرار 30 افراد بھی شامل ہیں۔ جن میں ایک ملزم ایسا بھی ہے جو عرصہ 17 سال سے بیرون ملک فرار تھا۔ غیر قانونی ہتھیاروں کے خلاف کارروائیوں کے نتیجے میں 3 ہزار سے زائد افراد کو گرفتار کیا گیا اور دو ہزار آٹھ سو سے زائد اسلحہ اور ہزاروں گولیاں برآمد کی گئیں۔

ہمارا مقصد کمالیہ کو اس بوسیدہ سیاسی نظام سے نجات دلانا ہے، ڈاکٹر طارق سلیمان

آج کمالیہ میں بے روزگاری عام ہے لوگ مشکلات میں جوجھ رہے ہیں، میڈیا سے گفتگو

کمالیہ (نامہ نگار) امیدوار صوبائی اسمبلی پی پی 123 ڈاکٹر طارق سلیمان نے ایک پریس کانفرنس میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہمارا مقصد کمالیہ کو اس بوسیدہ سیاسی نظام سے نجات دلانا ہے، جس کی وجہ سے آج کمالیہ میں بے روزگاری عام ہے لوگ مشکلات میں جوجھ رہے ہیں ان کا کوئی پرسان حال نہیں ہے لوگ تعلیم و صحت کی بنیادی سہولیات سے بھی محروم ہیں۔ وہ لوگ نظام تعلیم کی بہتری کے لیے کیا کریں گے جو خود صرف کاروباری ہیں اور سیاست اپنے کاروبار کو آگے بڑھانے کیلئے کر رہے ہیں انہیں عوامی مفادات سے بھلا کیا غرض ہو سکتی ہے۔ ہمارے خاندان نے ہمیشہ بلا امتیاز لوگوں کی خدمت کی ہے۔ اور عوام کی خدمت کیلئے ہمیں کسی بھی عہدے یا اقتدار کی ضرورت نہیں ہے ہم خدمت خلق عبادت سمجھ کے کر رہے عوام اگر اپنے اور اپنے بچوں کے بہتر مستقبل کی خواہاں ہے تو انہیں آئندہ الیکشن میں اپنے ووٹ کا صحیح استعمال کرنا ہوگا اور اس بوسیدہ سیاسی نظام سے جان چھڑانا ہوگی۔ کچھ لوگ سمجھ رہے ہیں کہ میں اپنے عوامی خدمت کے مشن سے پیچھے ہٹ جاؤں گا لیکن وہ اپنی یہ خواب خیالی دور کر لیں میں جو فیصلہ لیا ہے میں اس پر ائل کھڑا رہوں گا اور کبھی پیچھے نہیں ہٹوں کا 8 فروری کو مخالفین کو ایک بڑا سرپرائز دیں گے الیکشن ہر صورت لڑوں گا۔ ہمارا ویژن ہے علاقہ سے بے روزگاری کا خاتمہ نوجوانوں کو روزگار کے نئے مواقع فراہم کرنا دیہات اور شہر میں عوام کیلیے تفریحی مقامات بنائیں گے سرکاری محکمہ جات سے کرپشن کا نام و نشان بالکل ختم کریں گے اتین کے بہتری کے لیے علاقے میں سلائی کڑھائی، کشیدہ کاری اور کمپیوٹر کی تعلیم کے لیے سنٹر قائم کریں گے۔ لوگوں کو ان کے جائز حقوق و انصاف دلوانے کے لیے اپنے تمام تر وسائل بروئے کار لائیں گے

کمالیہ پیر محل روڈ ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہے، ملک ارشاد صاحب

روڈ پر جگہ جگہ کھڈے پڑے ہوئے ہیں جس کی وجہ سے ٹریفک کی روانی بری طرح متاثر ہوتی ہے

کمالیہ (نامہ نگار) جنرل سیکرٹری سکریپ ایسوسی ایشن ملک ارشاد صاحب نے کہا ہے کہ کمالیہ پیر محل روڈ ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہے روڈ پر جگہ جگہ کھڈے پڑے ہوئے ہیں جس کی وجہ سے ٹریفک کی روانی بری طرح متاثر ہوتی ہے۔ اور لوگوں کی قیمتی گاڑیوں کا نقصان بھی ہوتا ہے۔ مسافروں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے جس کی وجہ سے متعدد گاڑیاں حادثات کا شکار ہو جاتی ہیں اور قیمتی جانوں کا ضیاع بھی ہوتا ہے اور لوگوں کی نئی گاڑیاں کھٹارہ بن چکی ہیں سکول، کالج اور مدرسہ جات جانے والے بچوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ ہریوں کا کہنا تھا کہ گڑھے کی وجہ سے اکثر موٹر سائیکل کے ٹائر پنکچر ہو جاتے ہیں، منزل مقصود تک بروقت پہنچنا بھی مشکل ہو جاتا ہے، رات کے وقت کسی بھی حادثے کا باعث بھی بن سکتا ہے۔ سڑک کے درمیان میں پڑنے والا گڑھا شہریوں کے لئے مشکلات پیدا کر رہا ہے۔ متعلقہ انتظامیہ نے سب کچھ دیکھتے ہوئے بھی اپنی آنکھیں بند کر رکھی ہیں۔ انہوں نے اعلی حکام سے نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔

سرگودھا روڈ نزد ڈیرہ اعجاز شاہ سچا سودا سیم نالہ سے لاش برآمد

اطلاع موصول ہوتے ہی ریسکیو کنٹرول نے فوراً ایمرجنسی گاڑیاں روانہ کیں

فاروق آباد (نامہ نگار) سرگودھا روڈ نزد ڈیرہ اعجاز شاہ سچا سودا سیم نالہ سے لاش برآمد اطلاع موصول ہوتے ہی ریسکیو کنٹرول نے فوراً ایمرجنسی گاڑیاں روانہ کیں۔ ریسکیو 1122 کی غوطہ خور ٹیم نے فوراً ریسپانس کر کے لاش نکال کر پولیس کے حوالے کر دیا سیم نالہ سے ملنے والی لاش کی شناخت نہ ہو سکی جو کہ تقریباً 40 سالہ شخص ہے۔

مقامی صحافی بابر علی بسرا کی والدہ محترمہ انتقال کر گئیں

مرحومہ کی نماز جنازہ اسلام پورہ والی جنازگاہ میں ادا کر کے مقامی قبرستان میں سپرد خاک کر دیا

فاروق آباد (وقاص زاہد سے) مقامی صحافی بابر علی بسرا کی والدہ محترمہ انتقال کر گئیں مرحومہ کی نماز جنازہ اسلام پورہ والی جنازگاہ میں ادا کر کے مقامی قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا نماز جنازہ میں پریس کلب فاروق آباد کے صدر کاشف منصور احمد بھٹی جنرل سیکرٹری ملک شہزاد افتخار شیخ وقاص زاہد ڈاکٹر وسیم قریشی الیکٹرانک میڈیا فورم کے صدر عبدالخالق ورک میاں عبدالمجید رانا محمد ادریس ڈاکٹر مرزا فرمان علی انجمن تحفظ حقوق شہریاں کے صدر حکیم جاوید اقبال محمد نوید ہاشمی شاہد عبدالرزاق سعیدی مولانا غلام مصطفیٰ حیدری چودری اسامہ ظہور گجر علیم شاہد سمیت شہریوں کی بہت بڑی تعداد نے شرکت کی اور بابر علی بسرا سے اظہار تعزیت کیا مرحومہ کے لیے دعائے مغفرت کی

سانگلہ ہل گیس کی بدترین لوڈ شیڈنگ، عوام مشکلات سے دوچار

اکمل شہزاد علاقہ پریشر انچارج کے آتے ہی شہر بھر میں غائب

(تحصیل رپورٹر) تفصیلات کے مطابق سانگلہ ہل میں گیس کی غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ جاری ہے، حکومت کے گیس لوڈ شیڈنگ نہ کرنے کے تمام دعوے غلط ہیں۔ سانگلہ ہل میں گیس رات نو بجے سے صبح چھ بجے تک گیس مکمل طور پر بند ہوتی ہے پھر صبح نو بجے سے 12 بجے تک اسی طرح سہ پہر 2 بجے سے شام 5 بجے تک گیس بند رہتی ہے عوام کو گیس نہ ملنے کے باعث شدید مشکلات کا سامنا ہے ایک طرف مہنگائی اور دوسری طرف گیس کی لوڈ شیڈنگ نے تحصیل سانگلہ ہل اور گردونواح کی عوام کا جینا مشکل کر دیا گیس کی فراہمی نہ ہونے کی وجہ سے گھروں میں چولہے ٹھنڈے پڑ گئے ہیں اور خواتین کو کھانا بنانے میں شدید مشکلات کا سامنا ہے جبکہ گیس میسر نہ ہونے کی وجہ سے عوام کھلی گیس کے سلنڈر مہنگے داموں خریدنے پر مجبور ہیں دکاندار عوام کی مجبوری کا فائدہ اٹھاتے ہوئے دونوں ہاتھوں سے لوٹ رہے ہیں ملازم اور دیہاڑی دار افراد صبح ناشتہ کئے بغیر چلے جاتے ہیں اور مہنگے داموں ہوٹلوں سے ناشتہ کرنے پر مجبور ہیں شہریوں کا کہنا تھا کہ لوڈ شیڈنگ کے خلاف کئی بار احتجاج کیا ہے مگر کوئی شنوائی نہ ہوئی ہے ہماری موجودہ حکومت سے اپیل ہے کہ گیس کی غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ اور کم پریشر کے خلاف نوٹس لیں تاکہ مزید پریشانی سے بچا جا سکے

اوپن ڈور پالیسی کے تحت ڈی پی او آفس میں کھلی کچہری کا انعقاد

ڈی پی او جہلم نے شہریوں کو انفرادی طور پر خود سنا اور موقع پر احکامات جاری کیے

جہلم (ڈپٹی بیورو چیف عتیق حسین) ڈی پی او جہلم ناصر محمود باجوہ کی آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کے ویژن کے مطابق اوپن ڈور پالیسی کے تحت ڈی پی او آفس میں کھلی کچہری کا انعقاد، تفصیلات کے مطابق ڈی پی او جہلم نے شہریوں کو انفرادی طور پر خود سنا اور موقع پر احکامات جاری کیے، انچارج کمپلینٹ سیل کو متعلقہ پولیس افسران کو بذریعہ فون فوری طور پر کارروائی عمل میں لانے کا حکم، متعلقہ افسران کو مارک کردہ درخواستوں پر انکوائری و کارروائی کر کے رپورٹ پیش کرنے کا حکم، جس افسر کو درخواست مارک کی گئی ہے وہ خود انکوائری کر کے رپورٹ پیش کرے گا، ڈی پی او جہلم ناصر محمود باجوہ کا کہنا تھا کہ کھلی کچہری کے ذریعے پبلک فیڈ بیک حاصل کر کے پالیسنگ کو مزید بہتر بنایا جائے۔

ممتاز میموریل ووکیشنل کالج کے سنگ بنیاد اور سالانہ تقریب تقسیم انعامات شوکت

اسلام ماڈل سکول وزیر آباد میں ڈپٹی کمشنر فیاض احمد موہل کی خصوصی شرکت

نوشہرہ ورکاں (تحصیل رپورٹر) ممتاز میموریل ووکیشنل کالج کے سنگ بنیاد اور سالانہ تقریب تقسیم انعامات شوکت اسلام ماڈل سکول وزیر آباد میں ڈپٹی کمشنر فیاض احمد موہل کی خصوصی شرکت، ڈپٹی کمشنر نے منعقدہ تقریب میں طالبات اور کھلاڑیوں کو شیلڈز، انعامات اور سرٹیفیکیٹ تقسیم کیا انہوں نے ووکیشنل کالج کے افتتاح کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ فنی اور تکنیکی تربیت سے اندرون اور بیرون ملک میں باعزت روزگار کے حصول کے ساتھ ساتھ اپنے خاندان اور ملکی معیشت کو بہتر بنانے میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ دنیا میں بے شمار ممالک فنی تربیت کے معاملے پر خصوصی توجہ دے رہے ہیں اور طلبا و طالبات کو مختلف انڈسٹریز کی ڈیمانڈ کے مطابق فنی و تکنیکی تربیت دے رہے ہیں اور اس سے بھاری زرمبادلہ بھی حاصل کر رہے ہیں۔ انہوں نے طالبات سے اپیل کی ہے کہ وہ زیادہ سے زیادہ فنی تعلیم حاصل کریں اور اپنے مستقبل کو روشن بنائیں اور ملک پاکستان کا نام روشن کریں تقریب میں اسسٹنٹ کمشنر) وزیر آباد (محمد سلیم آسی، قومی کرکٹ ٹیم برائے خواتین کی کھلاڑیوں (کپتان ندا ارشد ڈار، سعدیہ اقبال، عالیہ ریاض (اور دیگر شریک تھے ڈپٹی کمشنر فیاض احمد موہل نے اس موقع پر حاجی ملک محمد افضل کے فلاحی اداروں کو سراہتے ہوئے کہا کہ وہ ضلع میں فلاح بہبود کے کاموں میں ضلعی انتظامیہ کے ذمہ جو بھی خدمات درکار ہوئی تو وہ ضلعی انتظامیہ کے متعلقہ محکموں کے افسران سے مل جل کر ضلع اور دیگر علاقوں کے لوگوں کے لیے فلاحی کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں ڈپٹی کمشنر فیاض احمد موہل نے مزید کہا کہ ضلع گوجرانوالہ /وزیر آباد کھیلوں میں پاکستان کا نام پوری دنیا میں مختلف شعبوں میں) کرکٹ، کبڈی، ہاکی، ریسلنگ، (اور دیگر کھیلوں میں پاکستان کا نام روشن کر رہے ہیں، گوجرانوالہ / وزیر آباد ضلعی انتظامیہ کھیلوں کی سرگرمیاں اور ایسے باصلاحیت افراد کی حوصلہ افزائی اور ان کی ہر طرح کی معاونت جاری رکھے گی۔ جو کھلاڑی مثبت سرگرمیوں میں اپنا سرمایہ یا کردار ادا کر رہے ہیں ضلعی انتظامیہ ایسے افراد کی مکمل حمایت وحوصلہ افزائی کرے گی

ایس پی سدرہ خان کی سربراہی میں صدر ڈویژن پولیس کی

گزشتہ سال 2023 کی کارکردگی رپورٹ جاری

لاہور) حق نواز کھرل سے (آئی جی پنجاب کے حکم پر شہر میں امن و امان کی فضا کو قائم رکھتے ہوئے صدر ڈویژن پولیس نے ایس پی سدرہ خان کی سربراہی میں گزشتہ سال 2023 کے جرائم پیشہ افراد کے خلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے ملزمان کیفر کردار تک پہنچایا صدر ڈویژن پولیس کی بہترین کارکردگی کی رپورٹ ایس پی سدرہ خان جاری کرتے ہوئے بتایا کہ سنگین ومختلف جرائم میں ملوث 0873 ملزمان گرفتار کیے گئے سنگین جرائم میں ملوث 312 گینگز کے 650 ارکان گرفتار کروڑوں روپے کا مال مسروقہ برآمد اور ناجائز اسلحہ کے خلاف کریک ڈاؤن میں 1304 ملزمان گرفتار کیے گئے ملزمان کے قبضہ سے 1102 پسٹلز 1093 آٹومیٹک رائفلز اور ہزاروں گولیاں برآمد سمیت منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن میں 1403 ملزمان گرفتار اور ملزمان کے قبضہ سے 1406 کلوگرام سے زائد چرس۔ 541 کلوگرام سے زائد ہیروئن و آئس۔ 17 کلوگرام افیون اور 254 کلو گرام بھنگ۔ 7915 لٹر شراب برآمد سمیت قمار بازوں کے خلاف کریک ڈاؤن میں 975 ملزمان گرفتار داؤ پر لگی 133 لاکھ روپے سے زائد کی رقم برآمد۔ اور پتنگ و ڈور ساز۔ پتنگ باز۔ پتنگ فروش جیسے خونی کھیل میں ملوث 777 ملزمان گرفتار۔ ہو ملزمان کے قبضہ سے 9 ہزار سے زائد پتنگیں۔ 964 چرخی ڈور برآمد اور نیشنل ایکشن پلان کے تحت لاؤڈ سپیکر۔ کرایہ داری ایکٹ کی خلاف ورزی پر 2100 ملزمان گرفتار کیے گئے۔ ایس پی صدر سدرہ خان نے مزید بتایا کہ گداگری۔ ہوائی فائرنگ، پرائس کنٹرول۔ قحبہ خانہ۔ شیشہ سموکنگ کی خلاف ورزی پر 1666 ملزمان گرفتار سمیت 10234 ملزمان کے خلاف انسدادی کارروائی عمل میں لائی گئی۔ جرائم پیشہ افراد کے خلاف بلا امتیاز کریک ڈاؤن جاری رکھیں گے۔

چشتیاں قاضی والا روڈ پر ڈالے کے ساتھ ٹکرانے سے

موٹر سائیکل سوار 35 سالہ نوجوان گر کر جاںبحق ہو گیا

چشتیاں) چوہدری عثمان (چشتیاں قاضی والا روڈ پر ڈالے کے ساتھ ٹکرانے سے موٹر سائیکل سوار 35 سالہ نوجوان گر کر جاںبحق ہو گیا تفصیلات کے مطابق چک 111 مراد ڈائرانوالہ کا رہائشی 35 سالہ نوجوان تنویر حسین جو کام کے سلسلہ میں شہر آ رہا تھا کہ قاضی والا روڈ پر ڈالے کو کراسنگ کرتے وقت اسکا موٹر سائیکل ڈالے سے ٹکرا کر نیچے گر گیا جسکے باعث اسکے سر میں شدید چوٹ لگنے سے موقع پر ہی دم توڑ گیا اطلاع ملتے ہی تھانہ سٹی اے ڈویژن پولیس چشتیاں نے موقع پر پہنچ ڈالے کو اپنی تحویل میں لیکر ضروری کارروائی کا آغاز کر دیا ہے جبکہ ڈالے کا ڈرائیور موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہو گیا##

ایس ایچ او تھانہ اے ڈویژن ثمر عباس ڈوگر کی علاقہ بھر

میں جرام پیشہ افراد کے خلاف کاروایاں جاری

شیخوپورہ (نعمان بیگ سے) ایس ایچ او تھانہ اے ڈویژن ثمر عباس ڈوگر کی علاقہ بھر میں جرام پیشہ افراد کے خلاف کاروایاں جاری، ڈی پی او شیخوپورہ زاہد نواز مروت کی ہدایت پر ایس ایچ او تھانہ اے ڈویژن ثمر عباس ڈوگر کی اپنی ٹیم سب انسپکٹر خالد جاوید ودیگر کے ہمراہ جرام پیشہ افراد کے خلاف مختلف کاروایاں تھانہ اے ڈویژن پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے بدنامہ زمانہ منشیات فروش عقیل ولد نواز کو گرفتار کر لیا جبکہ دوسری کاروائی میں شراب فروش حماد، حسین، رضوان، علی کو گرفتار کر لیا، گرفتار ملزمان کے قبضہ سے 2 کلو چرس 60، لیٹر دیسی شراب برآمد کر کے مقدمات درج کر لیے ڈی پی او شیخوپورہ زاہد نواز مروت کی ایس ایچ او تھانہ اے ڈویژن ثمر عباس ڈوگر اوران کی ٹیم کو شاباش

پولیس تحفظ مرکز کی 2023 میں شاندار کارکردگی گزشتہ

سال موصول ہونے والی 4569 درخواستوں کو نمٹا دیا گیا

تحفظ
FOR VULNERABLE & TRANSGENDERS
HASNAIN

شیخوپورہ (نعمان بیگ سے) پولیس تحفظ مرکز کی 2023 میں شاندار کارکردگی گزشتہ سال موصول ہونے والی 4569 درخواستوں کو نمٹا دیا گیا موصول ہونے والی درخواستوں میں ٹرانسجینڈرز، لاوارث گمشدہ بچے، نشہ کے عادی افراد، معذور افراد کی مدد، درخواست گھریلو لڑائی جھگڑا، کرایہ داری اندراج ودیگر شامل ہیں تحفظ مرکز سے ہر ماہ ہزاروں افراد مستفید ہو رہے ہیں، تحفظ مرکز کے ذریعے خواتین، ٹرانسجینڈرز اور بچوں کے مسائل پر زیادہ فوکس کیا جا رہا ہے: انچارج حسنین بشیر آئی جی پنجاب کے وژن کے مطابق تحفظ مرکز کامیاب برینڈ پراجیکٹ کے طور پر کام کر رہا ہے: انچارج تحفظ مرکز حسنین بشیر

جھنگ کی تاریخ میں کسی سیاسی دور میں اتنے ترقیاتی کام نہیں ہوئے

جتنے اس غیر سیاسی دور میں موجودہ ڈپٹی کمشنر جھنگ نے کروائے

دعویٰ تنسیخ نکاح: زرینہ بی بی دختر محمد اکرم بنام صابر حسین ولد محمد شیر چھیڑک کمہار ساکن چک نمبر 592 گ ب تحصیل تاندلیانوالہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے۔ مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ مقررہ تاریخ 06-01-2024 بوقت 9 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی وجوابدہی کریں بصورت دیگر حسب ضابطہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہو گا۔ آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری کیا گیا۔

بعدالت جناب مسز عاشی عظمت صاحبہ سول جج درجہ اول / فیملی کورٹ تاندلیانوالہ ضلع فیصل آباد

دعویٰ تنسیخ نکاح: روبینہ بی بی دختر حسن شاہ بنام نذر شاہ ولد لال شاہ قوم قریشی ہاشمی ساکن چک نمبر 404 گ ب تحصیل تاندلیانوالہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے۔ مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ مقررہ تاریخ 03-01-2024 بوقت 9 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی وجوابدہی کریں بصورت دیگر حسب ضابطہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہو گا۔ آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری کیا گیا۔

کاشف ولائت، جوائنٹ سیکرٹری چودھری اصغر جالندھری، فنانس سیکرٹری عامر رحمان، جمیل اختر بیگ، چودھری قمر الزمان، طاہر محمود بٹ، چودھری حنیف، رانا محمد آصف اور دیگر بھی موجود تھے۔

بقیہ بقیہ جات 19

حالت میں زمین پر لیٹے ہوئے دکھائی دے رہے ہیں اور ایک ہجوم نے انہیں گھیر رکھا ہے۔ خون بہنے سے روکنے کے لئے ان کے گلے پر رومال رکھا گیا تھا۔ جنوبی کوریا میں اس سال اپریل میں عام انتخابات ہونے جارہے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 20

ملت ایکسپریس ساڑھے سات گھنٹے، بہاؤالدین زکریا ایکسپریس پونے چار گھنٹے، کراچی سے آنے والی پاک بزنس ایکسپریس سوا دو، کوئٹہ سے پشاور جانے والے والی جعفر ایکسپریس دو گھنٹے، کراچی سے براستہ قصور آنے والی فرید ایکسپریس دو گھنٹے، کراچی سے لاہور آنے والی قراقرم ایکسپریس سات گھنٹے، کراچی سے آنے والی رحمان بابا ایکسپریس سوا تین گھنٹے جبکہ پاکستان ایکسپریس سوا چھ گھنٹے تاخیر کا شکار رہی۔ ٹرینوں کے تاخیر کا شکار ہونے کی وجہ سے مسافروں اوران کے عزیز واقارب کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔

بقیہ بقیہ جات 21

کوئی زکوۃ لینے والا نہیں تھا۔ انہوں نے کہا کہ اللہ کے نبی ﷺ کا ایک ایک صحابی جنتی ہے جو لوگ انہیں برا بھلا کہتے ہیں وہ اپنے ایمان کی خیر منائیں۔ سنی علماء کونسل ملک بھر کی طرح پنجاب میں بھی شان صدیق اکبرؓ عشرہ منارہی ہے تاکہ نسل نو کو صحابہؓ کی زندگی بارے معلومات فراہم کی جاسکیں۔

بقیہ بقیہ جات 22

جنوری سے نومبر 2023 تک ہونڈا اسوک اور ہونڈا سٹی کے مجموعی طور پر 7 ہزار 68 یونٹس فروخت کیے گئے جبکہ اسی عرصہ کے دوران 2022 میں فروخت 25 ہزار 502 یونٹس تھی جس میں 72 فیصد سے زیادہ کی ریکارڈ ہوئی۔

بقیہ بقیہ جات 23

میں صبح اور رات کے اوقات میں سموگ اور شدید دھند پڑنے کا امکان ہے، گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پنجاب کے اکثر علاقوں میں موسم شدید سرد، خشک رہا، بعض علاقوں میں دھند چھائی رہی۔

بقیہ بقیہ جات 24

جنرل سیکرٹری ثانیہ کھیڑا نے پاکستان نرسنگ اینڈ مڈ وائفری کونسل (پی این ایم سی) کی صدر فرزانہ سے ان کے آفس میں ملاقات کی۔ ملاقات میں ملک بھر کے نرسنگ کالجز کے مسائل اور ان کے حل پر تفصیلی گفتگو کی گئی جبکہ نجی شعبے کے نرسنگ کے اداروں کی ترقی کی اہمیت پر زور اور نرسنگ اداروں کی ترقی اور ان میں اضافہ کیلئے اہم مختلف پہلوؤں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 25

اسی عرصے کے مقابلے میں 46 فیصد اضافہ ہوا

بعدالت جناب مستنصر لطیف چوہدری صاحب سول جج درجہ اول / فیملی کورٹ تاندلیانوالہ ضلع فیصل آباد

دعویٰ تنسیخ نکاح: مسمات عابدہ دختر محمد امین بنام مجاہد ولد محمد بشیر ذات مسلم شیخ ساکن چک نمبر 454 گ ب تحصیل تاندلیانوالہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے۔ مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ مقررہ تاریخ 05-01-2024 بوقت 9 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی وجوابدہی کریں بصورت دیگر حسب ضابطہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہو گا۔ آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری کیا گیا۔

بعدالت جناب محترمہ نسیم اختر ناز صاحبہ جج فیملی کورٹ چونیاں ضلع قصور۔

دعویٰ تنسیخ نکاح عنوان مقدمہ۔ اقصیٰ بنام زاہد محمود علی اشتہار بنام زاہد محمود علی ولد محمد علی قوم لوہار مغل ساکن گلی نمبر 1 محلہ مائی روڈی ظہیر آباد کالونی چونیاں تحصیل چونیاں ضلع قصور (مدعاعلیہ) ہرگاہ مدعاعلیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ دعویٰ عنوان بالا عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے۔ اس لیے وہ بتقرر 03-01-2024 بوقت 09:00 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر پیروی کرے۔ بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی۔

بعدالت جناب عاصمہ تحسین صاحبہ ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج دیپالپور

اپیل برخلاف حکم۔ عنوان مقدمہ۔ محمد غلام مصطفیٰ بنام محمد اکرم وغیرہ اشتہار اخبار بنام۔ محمد اکرم ولد محمد شریف، محمد اکرم ولد فیض احمد اقوام جٹ ساکنان کھرل کلاں تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں آپ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونی مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ تاریخ مقرر 04-01-2024 کو بوقت 9 بجے صبح اصالتاً یا وکالت حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی وجوابدہی کریں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔AS

ہے، پاکستان ریلویز نے پہلے چھ ماہ میں مسافر ٹرینوں سے 24 ارب اور مال بردار ٹرینوں سے 11.5 ارب کی آمدنی حاصل کی۔

بقیہ بقیہ جات 26

سے 24 افراد ہلاک اور متعدد زخمی ہوگئے۔ وسیع علاقے میں بجلی اور مواصلات کا نظام تباہ ہونے سے لاکھوں صارفین کو بجلی منقطع ہوگئی اور موبائل اور انٹرنیٹ سروس معطل ہوگئی۔ جاپان کے وزیراعظم فومیو کیشیدہ نے بیان میں کہا کہ زلزلے سے بڑے پیمانے پر ہلاکتیں اور نقصان ہوا ہے۔ ملبے تلے افراد کو زندہ نکالنے کے لیے ریسکیو ورکرز کے پاس وقت کم ہے۔

بقیہ بقیہ جات 27

اور رہائشی علاقے میں آگ بھڑک اٹھی، ہزاروں گھر بجلی سے محروم ہوگئے۔

بقیہ بقیہ جات 28

کرتے ہوئے مارے گئے۔ رپورٹ کے مطابق اسرائیل نے 5 بریگیڈ فوج غزہ سے واپس بلانے کا اعلان کردیا۔

بقیہ بقیہ جات 29

لاہور مولانا محمد طیب عثمانی ودیگر مقامی علماکرام وسرکردہ افراد نے بھی خطاب کیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ آپ ﷺ نے بوقت وصال ارشاد فرمایا لوگوں میں نے سب کے احسانات کا بدلہ چکا دیا لیکن ابوبکرؓ کے احسانات کا بدلہ میں بذات خود ادا نہیں کرسکتا بلکہ روز قیامت خدا خود ادا فرمائے گا، ابوبکر صدیقؓ کی متعدد خاصیات میں سے ایک خاصیت ان کے والد گرامی ابو قحافہؓ اور انکے بیٹے عبدالرحمن بن ابی بکرؓ اور انکے پوتے محمد بن عبدالرحمن بن ابی بکرؓ بیک وقت چاروں کو صحابی رسول ہونے کا شرف حاصل ہے۔

بقیہ بقیہ جات 30

زائد چیز اور دیگر ملاوٹی اشیا تلف کردی گئیں۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی عاصم جاوید نے بتایا کہ لاہور ڈویژن میں 44، فیصل آباد میں 64، ساہیوال میں 54، راولپنڈی میں 11، سرگودھا میں 64 ڈیری یونٹس کی چیکنگ کی گئی۔ گوجرانوالہ ڈویژن میں 53 یونٹس، بہاولپور میں 20، ملتان ڈویژن میں 36، ڈی جی خان ڈویژن میں 29 یونٹس کا معائنہ کیا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 31

سیکرٹریٹ 180 ایچ، ماڈل ٹاؤن میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کیا۔ میاں جاوید لطیف نے کہا کہ 2011ء میں جو مجسمہ تیار کیا اس کی آج بھی حفاظت و سرپرستی ہورہی ہے

بعدالت جناب ارم یوسف صاحبہ سول جج فیملی کورٹ اوکاڑہ

دعویٰ۔ تنسیخ نکاح۔ عنوان مقدمہ۔ کائنات عروج بنام ابراہیم اشتہار اخبار بنام۔ ابراہیم ولد عبدالرحمن ساکن مبارک آباد شاہ یکہ چک لکڑانوالہ دیپالپور ضلع اوکاڑہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں آپ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونی مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ تاریخ مقرر 13-01-2024 کو بوقت 9 بجے صبح اصالتاً یا وکالت حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔AS

اعلان لاتعلقی

ہم سب بھائیوں نے اپنے حقیقی بھائی محمد اقبال ولد عبدالغفور ساکن حبیب کالونی شیخوپورہ سے باوجہ کاروباری لین دین، دیگر معاملات لاتعلقی اختیار کرلی ہے آئندہ اس کے کسی بھی قول فعل اور لین دین کے ذمہ دار نہ ہوں گے عبدالشکور، ظہور احمد، منیر احمد، محمد جاوید، حافظ زاہد اقبال، عبدالرحمن، محمد فاروق پسران عبدالغفور اقوام آرائیں ساکنان وی، آئی، پی میڈوز کالونی تحصیل وضلع شیخوپورہ

اطلاع گمشدگی پالیسی

اسٹیٹ لائف کی جاری کردہ لائف انشورنس پالیسی نمبر 507246000-5 بنام واصف ضیاء ولد ضیاء الرحمن ضیاء مالیت پانچ لاکھ روپے گم ہوگئی ہے اگر تیس یوم تک اعتراض موصول نہ ہوا تو پالیسی سرنڈر کردی جائیگی۔

منجانب۔ جنرل منیجر اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن آف پاکستان لاہور زون

عاق نامہ

میں اپنے بیٹے حسنین احمد ولد نصراللہ خاں ورک کو بوجہ نافرمانی زندگی بسر کرنے طریقہ کار ٹھیک نہ ہے بوجہ ضبط قول فعل، بوجہ لین دین، اپنی جائیداد منقولہ و غیر منقولہ سے عاق کرتا ہے آئندہ میں اس کے لین دین واس کے کسی بھی قوم وفعل کا ذمہ دار نہ ہوگا میرے اہل خانہ کو کوئی بھی جان و مالی نقصان پہنچا تو اس کا ذمہ دار مسمی حسنین احمد ہوگا۔ المشتہر نصراللہ خاں ورک ولد خوشی محمد ورک ساکن عزیز پارک جمال ٹاؤن روڈ نزد رستم سوپ کوٹ عبدالمالک تحصیل فیروزوالہ ضلع شیخوپورہ

عاق نامہ

میں نے اپنے حقیقی بیٹے عباس علی کو بوجہ نافرمانی لڑائی جھگڑا اپنی تمام منقولہ وغیر منقولہ جائیداد سے عاق کردیا ہے لہذا آج کے بعد مسمی عباس علی کا مجھ اور میری دیگر فیملی کے ساتھ کوئی تعلق واسطہ نہ ہوگا اور نہ ہی ہم مسمی عباس علی کے کسی لین دین یا قول وفعل کے ذمہ دار ہوں گے المشتہر طارق محمود ولد لال دین ذات آرائیں سکنہ محلہ شاہ نور جمال سوہدرہ تحصیل وضلع وزیرآباد

RED CRESCENT SOCIETY KASUR

پاکستان ریڈ کریسنٹ سوسائٹی ضلع قصور

سماجی ادارہ انجمن ہلال احمر قصور برانچ کو درج ذیل آسامیاں درکار ہیں

نمبر شمار	پوسٹ	عمر سالوں میں	تعلیمی قابلیت معہ تجربہ
1	میڈیکل آفیسر	25-40	ایم بی بی ایس سیکنڈ ڈویژن بمعہ 5 سالہ تجربہ ایڈیشنل پوسٹ گریجوایٹ ڈگری
2	ڈسپنسر	25-35	پنجاب میڈیکل فیکلٹی سے حاصل کردہ سیکنڈ ڈویژن کی ڈگری بمعہ کم از کم 3 سالہ تجربہ
3	لیڈی ہیلتھ وزیٹر	25-35	میٹرک معہ کم از کم 2 سالہ فیلڈ کا تجربہ

جنرل ٹرم اینڈ کنڈیشن

1۔ ڈسپنسر کے لئے ادارہ کی طرف سے مکمل رہائش کی سہولت موجود ہوگی۔
2۔ اوپر دی گئی آسامیوں کی معیاد کنٹریکٹ کی بنیاد پر ایک سال ہوگی انجمن ہلال احمر کی پالیسی و رول کے مطابق ادارہ کو مطمئن کرنے کے بعد Renew کیا جاسکتا ہے۔
3۔ درخواست کے ہمراہ پنجاب کا ڈومیسائل اور شناختی کارڈ ہونا لازمی ہے۔
4۔ تمام امیدواروں کی طرف سے درخواستیں انجمن ہلال احمر قصور کے ہیڈ آفس کمرہ نمبر 23 ضلع کونسل ہال قصور میں جمع کروائی جاسکتی ہیں۔

انٹرویو مورخہ 16-01-2024 بروز منگل کو ڈی سی آفس کمیٹی روم میں 12 بجے دوپہر ہوں گے۔

آفس انچارج
پاکستان ریڈ کریسنٹ سوسائٹی قصور
فون نمبر 0300-6583048

CAPITAL CITY POLICE
LAHORE

لاہور: سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ کا نیشنل پولیس اکیڈمی اسلام آباد کے 50 ویں کامن کے زیرتربیت اے ایس پیز کے وفد سے ملاقات کررہے ہیں

عمرڈار بازیابی کیس

آئی جی پنجاب کو سی سی ٹی وی فوٹیج کی روشنی میں رپورٹ جمع کرانے کی ہدایت

36 لوگ پولیس یونیفارم میں تھے جنہوں نے عمرڈار کو اٹھایا سی سی ٹی وی فوٹیج نکالیں، سب سامنے آجائیگا: وکیل

اگر پولیس یونیفارم میں افراد ہیں تو ان کے بارے میں آئی جی پنجاب بتائیں، پولیس اہلکار ہیں تو وہ کس تھانے کے تھے' عدالت

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے آئی جی پنجاب کو سابق پی ٹی آئی رہنما عثمان ڈار کے بھائی عمرڈار کی بازیابی سے متعلق سی سی ٹی وی فوٹیج کی روشنی میں رپورٹ جمع کرانے کی ہدایت دے دی۔ ہائیکورٹ کے جسٹس علی باقر نجفی نے عثمان ڈار کی والدہ کی درخواست پر سماعت کی، دائر درخواست میں آئی جی پنجاب، سی سی پی او لاہور سمیت دیگر کو فریق بنایا گیا ہے۔ دوران سماعت سرکاری وکیل نے بتایا کہ پولیس رپورٹ جمع (بقیہ نمبر 1)

پاکستان میں ہر 5 میں سے 1 بچہ غذائی قلت کا شکار ہے' میاں عامر رزاق

ہمیں ملکر ماں اور بچے کی صحت پر کوششیں کرنی ہونگی' چیئرمین پیس فار لائف ویلفیئر فاؤنڈیشن

لاہور (این این آئی) پیس فار لائف ویلفیئر فاؤنڈیشن کے صدر میاں عامر رزاق نے کہا ہے کہ پاکستان میں ہر 5 میں سے 1 بچہ غذائی قلت کا شکار ہے، یہ ایک تلخ حقیقت ہے پاکستان میں غربت دن بدن بڑھتی چلی جارہی ہے اور اسی غربت کی ہی وجہ سے لوگوں کو مشکل سے دو وقت کی روٹی نصیب ہوتی ہے۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ غربت، بھوک، افلاس انسان سے جینے کا حق چھین لیتی ہیں۔ یہ ایک تلخ حقیقت ہے کہ پاکستان میں غربت دن بدن بڑھتی چلی جارہی ہے اور اسی غربت کی ہی وجہ (بقیہ نمبر 2)

فوج کیخلاف انگلی اٹھانے والے قوم کیساتھ مخلص نہیں' متحدہ علما کونسل

افواج کی قربانیاں وطن عزیز کی سلامتی، قوم کے امن وسکون کیلئے انتہائی اہمیت کی حامل ہیں

لاہور (این این آئی) متحدہ علما کونسل پاکستان کے مرکزی صدر مولانا زاہد الراشدی، سیکرٹری جنرل سردار محمد خان لغاری، مرکزی ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا ڈاکٹر ملک محمد سلیم، ڈاکٹر فرید احمد پراچہ، مولانا محمد راغب حسین نعیمی، مولانا عبدالغفار روپڑی و دیگر نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ فوج کیخلاف انگلی اٹھانے والے قوم کیساتھ مخلص نہیں، افواج کی قربانیاں وطن عزیز کی سلامتی اور قوم کے امن وسکون کیلئے انتہائی اہمیت کی حامل ہیں، افواج پاکستان پر تنقید کر کے ملک دشمن عناصر کو خوش کرنے والے قومی (بقیہ نمبر 3)

جے یو آئی پنجاب کے انتخابات میں واضح برتری حاصل کریگی' افضل خان

ہم خیال جماعتوں سے اتحاد ترجیح ہے جے یو آئی نے ہمیشہ مذاکرات کے دروازے کھلے رکھے ہیں

لاہور (این این آئی) امیدوار این اے 118، پی پی 148 امیر جمعیت علما اسلام سٹی لاہور محمد افضل خان، جنرل سیکرٹری حافظ عرفان شجاع بٹ، سالا رمولانا محمد عمیر مہمند، ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا عبدالودود شاہد، صدر لائرز فورم لاہور محمد ہاشم تہامی ایڈووکیٹ، صدر لائرز فورم سٹی لاہور فیضان شجاع بٹ ایڈووکیٹ، ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات قاری منظور الحسن چترالی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ جے یو آئی پنجاب کے انتخابات میں واضح برتری حاصل کریگی، ہم خیال جماعتوں سے اتحاد ترجیح ہے (بقیہ نمبر 4)

ایس آئی ایف سی کی ایپکس کمیٹی کا اجلاس آج ہوگا

لاہور (این این آئی) اسپیشل انویسٹمنٹ فیسیلیٹیشن کونسل کی ایپکس کمیٹی کا آٹھواں اجلاس آج (بدھ) کو منعقد ہوگا۔ نگران وزیراعظم کی زیرصدارت اجلاس میں آرمی چیف اور ایپکس کمیٹی کے ممبران شریک ہوں گے جن میں وفاقی وزراء (بقیہ نمبر 5)

فیصل آباد، عام انتخابات 2024، حساس ترین پولنگ سٹیشنز کی تفصیلات سامنے آگئیں

مکوآنہ (این این آئی) فیصل آباد: عام انتخابات 2024، حساس ترین پولنگ سٹیشنز کی تفصیلات سامنے آگئیں ضلع میں قومی اسمبلی کے 10 حلقوں میں 609 پولنگ اسٹیشن انتہائی حساس قرار این اے 95 میں 75 پولنگ سٹیشنز کو انتہائی حساس قرار دیدیا (بقیہ نمبر 6)

ن لیگ انتخابات میں بھرپور کامیابی حاصل کریگی، میاں کاشف علی بھٹی

ننکانہ صاحب (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما میاں کاشف علی بھٹی نے کہا ہے 8 فروری کا سورج ملک کی ترقی وخوشحالی کی نوید لیکر طلوع ہوگا۔ عوام حقیقی تبدیلی کیلئے شیر کو ووٹ دینگے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ عوام کی طاقت سے عام انتخابات (بقیہ نمبر 7)

لاہور: سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ کا نیشنل پولیس اکیڈمی اسلام آباد کے 50 ویں کامن کے زیرتربیت اے ایس پیز کے وفد کے ہمراہ گروپ فوٹو

سانگلہ ہل ناجائز تجاوزات کی بھرمار پیدل چلنا محال ہوگیا

دوکانوں کے آگے دکانیں سج گئیں، بلدیہ ملازمین فرضی کارروائیوں میں مصروف

کلارک ٹاور چوک میں بنایا گیا پانی کا فوارہ ختم کرکے فاسٹ فوڈ والے قابض ہوگئے

ننکانہ صاحب (این این آئی) سانگلہ ہل شہر میں ناجائز تجاوزات کی بھرمار راہگیروں کا پیدل چلنا محال ہوگیا دکانوں کے آگے دکانیں سج گئیں اندرون شہر ریڑھی بانوں نے مکمل قبضہ کرلیا شیرانوالہ چوک، ریل چوک ریلوے روڈ حمید نظامی روڈ کمیٹی بازار کلارک ٹاور چوک میلاد چوک گلہ منڈی چوک فیصل آباد روڈ پر بلدیہ ملازمین کی ملی بھگت سے سینکڑوں کی تعداد میں ریڑھیاں کھڑی کروادیں گئیں جن سے ماہانہ فیس وصول کی جانے لگی وصول ہونے والی فیس لاکھوں (بقیہ نمبر 10)

اسرائیل، عدلیہ کے اختیارات سے متعلق متنازع حکومتی قانون کالعدم قرار

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی سپریم کورٹ نے عدلیہ کے اختیارات سے متعلق حکومت کے متنازع قانون کو کالعدم قرار دے دیا۔ اسرائیلی حکمران جماعت کا کہنا ہے کہ سپریم کورٹ کا فیصلہ عوامی مرضی کی مخالفت کرتا ہے۔ اس حوالے سے اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو کا کہنا ہے کہ اسرائیلی سپریم کورٹ کے 15 میں سے 8 ججوں نے متنازع قانون کے خلاف فیصلہ دیا۔ یاد رہے کہ نیتن یاہو حکومت نے عدلیہ کے (بقیہ نمبر 14)



لاہور: گنگارام ہسپتال انتظامیہ کی غفلت کے باعث وارڈ میں بلیاں مٹرگشت کررہی ہیں

تعمیراتی اور کان کنی کی مشینری کی درآمدات میں جاری مالی سال کے دوران اضافہ ریکارڈ

مکوآنہ (این این آئی) تعمیراتی اور کان کنی کی مشینری کی درآمدات میں جاری مالی سال کے دوران اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ پاکستان بیورو برائے شماریات کے اعداد وشمار کے مطابق جولائی سے نومبر تک کی مدت میں تعمیراتی اور کان کنی کی مشینری کی درآمدات کا حجم 35 ملین ڈالر ریکارڈ کیا گیا جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت کے مقابلہ میں 4 فیصد زیادہ ہے۔ گزشتہ مالی سال کی اسی مدت میں تعمیراتی اور کان کنی کی مشینری کی درآمدات پر 33 ملین ڈالر کا زرمبادلہ خرچ ہوا تھا۔ نومبر 2023 میں تعمیراتی اور کان کنی کی مشینری کی درآمدات کا حجم 9 ملین ڈالر ریکارڈ کیا گیا جو نومبر 2022 کے مقابلہ میں 81 فیصد زیادہ ہے۔ نومبر 2022 میں تعمیراتی اور کان کنی کی مشینری کی درآمدات پر 5 ملین ڈالر کا زرمبادل خرچ ہوا تھا۔ اکتوبر کے مقابلہ میں نومبر میں تعمیراتی اور کان کنی کی مشینری کی درآمدات میں ماہانہ بنیادوں پر 35 فیصد کا اضافہ ہوا۔ اکتوبر میں تعمیراتی اور کان کنی کی مشینری کی درآمدات پر 6 ملین ڈالر کا زرمبادلہ صرف ہوا جو نومبر میں بڑھ کر 9 ملین ڈالر ہوگیا۔

استنبول: فلسطینیوں کی حمایت میں انسانوں کا سمندر امڈ آیا

ریلی کی صدارت ترکیہ کے صدر کے بیٹے نے کی، مظاہرین کے اسرائیل مخالف نعرے

استنبول (این این آئی) ترکیہ کے شہر استنبول میں اسرائیل کی غزہ میں جارحیت اور عراق میں کالعدم کرد عسکریت پسندوں کے ہاتھوں ترک فوجیوں کی اموات کے خلاف ہزاروں افراد نے استنبول میں مارچ کیا۔ ترکیہ کے صدر رجب طیب اردوان کے بیٹے بلال اردوان کی جانب سے نکالی جانے والی اس ریلی کا آغاز استنبول کی مشہور مساجد آیا صوفیہ اور بلیو مسجد میں صبح کی نماز ادا کرنے کے بعد ہوا۔ ترکیہ اور فلسطین کے جھنڈے لہراتے ہوئے مظاہرین نے باسفورس پر واقع (بقیہ نمبر 11)

غیر معیاری مچھلی برگر اور شوارما کی خرید وفروخت عروج پر

ہوٹلوں پر ٹوٹے برتن مضر صحت کھانوں کی فروخت جاری، ضلعی انتظامیہ خاموش تماشائی بن گئی

ننکانہ صاحب (این این آئی) غیر معیاری مچھلی برگر اور شوارما کی خرید و فروخت عروج پر ہوٹلوں پر ٹوٹے برتن مضر صحت کھانوں کی فروخت جاری ضلعی انتظامیہ خاموش تماشائی بن گئی۔ تفصیلات کے مطابق ضلع بھر میں غیر معیاری تیل سے تیار مچھلی اور برگر شوارما کھانے سے شہری گلہ، پیٹ کی مہلک بیماریوں میں مبتلا ہونے لگے ہر دو کاندار نے اپنے اپنے ریٹ آویزاں کئے ہوئے ہیں لیکن ضلعی انتظامیہ نہ (بقیہ نمبر 12)

دبئی میں سنگل یوز پلاسٹک بیگز اور مصنوعات پر پابندی عائد کردی گئی

دبئی (این این آئی) دبئی میں سنگل یوز پلاسٹک بیگز اور مصنوعات پر پابندی عائد کردی گئی ہے۔ عرب میڈیا کے مطابق اس اقدام کا مقصد نجی شعبے کی حوصلہ افزائی کرنا ہے کہ وہ ری سائیکل شدہ کوالٹی مصنوعات کے استعمال کو فروغ دے۔ یاد رہے کہ دبئی کے ولی عہد اور دبئی کی ایگزیکٹو کونسل کے چیئرمین شیخ حمدان بن محمد بن راشد المکتوم نے ایگزیکٹو کونسل کی قرارداد نمبر 2 جاری کی ہے۔ قرار داد کا حتمی مقصد (بقیہ نمبر 16)

امریکا کا بحیرہ روم سے جنگی بیڑا ''یو ایس ایس جیرالڈ فورڈ'' ہٹانے کا اعلان

یہ جنگی بیڑا غزہ میں حماس کیخلاف اسرائیل کی جنگ میں مدد کے لیے تعینات تھا

واشنگٹن (این این آئی) امریکا نے بحیرہ روم سے اپنا جنگی بیڑا ہٹانے کا اعلان کردیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق امریکا نے غزہ میں جنگ اور خطے کی صورت حال کے پیش نظر اپنے سب سے بڑے طیارہ بردار بحری بیڑے ''یو ایس ایس جیرالڈ فورڈ'' کو واپس امریکا لے جانے کا اعلان کردیا ہے۔ امریکا جلد یو ایس ایس جیرالڈ فورڈ کو بحیرہ روم کے پانیوں سے نکال لے گا، امریکا نے سب سے بڑا جنگی اثاثہ (بقیہ نمبر 13)

لاہور: پاکستان مسلم لیگ لاہور کے جنرل سیکرٹری ندیم پہلوان کی جانب سے نئے سال کی آغاز کی مناسبت سے محفل میلاد کے موقع پر شرکا کے ہمراہ گروپ فوٹو

جھنگ میونسپل کمیٹی کو نقشہ برانچ کے کرپٹ اہلکاروں نے بلدیہ کے امیر ترین ادارے کو مالی مفلوج کردیا

جھنگ) اجمل حسین بیوروچیف (میونسپل کمیٹی جھنگ کے نقشہ برانچ میں 15 سالوں پرانے تعینات کرپٹ اہلکاروں نے بلدیہ جھنگ کو مالی طور پر کنگال کردیا تفصیلات کے مطابق سفارش کی بنیاد پر 15 سال پرانے بیٹھے گھاک کرپٹ اہلکار نے لاکھوں روپیہ سالانہ ذاتی کرپشن کی آمدن کی خاطر بلدیہ کو خسارہ کی دلدل میں دھکیل دیا جس کی وجہ سے نقشہ برانچ جوکہ بلدیہ کا سب سے زیادہ ریونیو دینے والا شعبہ تھا اور جس سے سالانہ بلدیہ کو کروڑوں روپیہ آمدن ہوتی تھی اور ہر سال تقریبا کروڑھ سے ڈیڑھ کروڑ روپیہ اضافہ ہوتا تھا مگر ان کرپٹ اہلکاروں کی کرپشن کی انتہا کی وجہ سے اس کا ہر سال ریونیو بڑھنے کی بجائے بہت کم ہوکر رہ گیا ہے جس وجہ سے بلدیہ جھنگ کا ادارہ تباہی کی اس انتہا پر پہنچ چکا ہے کہ اب گزشتہ سال 2023 سے ملازمین کی تنخواہوں کے علاوہ بلدیہ کا ادارہ اپنے پینشنرز ملازمین کی پینشن کا بوجھ بھی اٹھانے کے قابل بھی نہیں ہے اور دو دو ماہ سے بلدیہ کے پینشن ملازمین اپنی پینشن کے منتظر ہیں عوامی حلقوں نے چیف سیکرٹری پنجاب سیکریٹری لوکل گورنمنٹ پنجاب سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ فوری طور پر اس امر کی انکوائری کروائی جائے اور اس مکروہ دھندہ میں ملوث نقشہ برانچ کے ان کرپٹ ملازمین کے خلاف قانونی کاروائی کے بعد ان کے خلاف مقدمات درج کیے جائیں اور ان کو نوکریوں سے برخواست کیا جائے اور نقشہ برانچ کے ریونیو کو دوبارہ بڑھا کر بلدیہ کے مالی خسارہ کو پورا کیا جائے تا کہ بلدیہ جھنگ کا ادارہ مالی اعتبار دوبارہ اپنے پاں پر کھڑا ہوسکے۔

آستانہ عالیہ چشتیہ نظامیہ قصور میں حضرت صوفی محمد دین چشتی نظامی کے سالانہ عرس کا عظیم الشان انعقاد

قصور (بیوروچیف شفاقت علی چوہدری سے) آستانہ عالیہ چشتیہ نظامیہ قصور میں حضرت صوفی محمد دین چشتی نظامی کے سالانہ عرس کا عظیم الشان انعقاد، اولیاء اللہ، صوفیا اکرام، مریدین ومحبین چشت اہل بہشت کی کثیر تعداد میں شرکت، اللہ اور اس کے حبیب کے ذکر سے سماں بندھ گیا۔ تفصیل کے مطابق گزشتہ روز آستانہ عالیہ چشتیہ نظامیہ بھٹہ امین والا میں حضرت صوفی محمد دین چشتی نظامی کے سالانہ عرس کا انعقاد کیا گیا۔ عرس کی صدارت صاحبزادہ پیر صوفی غلام مصطفیٰ چشتی نظامی نے کی۔ عرس کے پہلے روز کالج روڈ پر واقع حضرت صوفی محمد دین چشتی نظامی کے مزار پرانوار کو غسل دیا گیا اور چادر پوشی کی گئی۔ عرس کے دوسرے روز آستانہ عالیہ چشتیہ نظامیہ پر قرآن خوانی، محفل نعت اور محفل سماع کا اہتمام کیا گیا۔ اس موقع پر صاحبزادہ پیر صوفی غلام مصطفیٰ چشتی نظامی نے دیگر محبین سلسلہ کے ہمراہ سید محمد رفیع شاہ کو خلفیہ مجاز کا لقب دیا اور انہیں سلسلہ چشتیہ نظامیہ کے پیغام کو آگے بڑھانے کے لیے خصوصی سند خلافت عطا کی۔ محفل نعت میں ملکی شہرت یافتہ معروف ثناخوان و مرید خاص نثار قندیل چشتی نے نقابت کے فرائض سرانجام دیتے ہوئے محفل میں رقت آمیز سماں باندھ دیا۔ اس موقع پر معروف ثناخوان مقبول حسین قادری، صوفی عبدالستار چشتی نظامی سمیت دیگر نے گلہائے عقیدت کے پھول پیش کیے۔ محفل سماع میں مطلوب حسین چشتی قوال وہمنواں نے سلسلہ سے منسلک کلام پیش کیے۔ حضرت صوفی محمد دین چشتی نظامی کے سالانہ عرس کے دوران مختلف اوقات میں فلسطین سمیت دنیا بھر کے مسلمانوں کی سلامتی اور وطن عزیز پاکستان کی ترقی وخوشحالی کے لیے رقت آمیز دعائیں کیں گئیں۔

جتنے مرضی امیدوار مدمقابل ہوں میدان خالی نہیں چھوڑوں گا، الحاج خان نذر عباس خان سیال

احمد پور سیال) تحصیل رپورٹر) فری بس اور ایمبولینس سروس کے بانی اور امیدوار برائے قومی وصوبائی اسمبلی حلقہ این اے 110 وپی پی 130 الحاج خان نذر عباس خان سیال نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ جتنے مرضی امیدوار مدمقابل ہوں میدان خالی نہیں چھوڑوں گا۔ انہوں نے کہا کہ عملی خدمت کی سیاست کسی بھی سیاسی پارٹی کے ٹکٹ کی محتاج نہیں ہوتی۔ انہوں نے کہا کہ عوامی فلاح و بہبود کے لیے میرے عملی اقدامات اور دکھی انسانیت کی خدمت کی مثال نہیں ملتی جس پر مجھے فخر ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں واحد امیدوار ہوں جو سبز باغ دکھا کر نہیں بلکہ عوامی توقعات پر پورا اتر کر قومی وصوبائی اسمبلی کی نشستوں پر عام انتخابات میں حصہ لے رہا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ مجھے باتوں کے محل تعمیر کرنے نہیں آتے اور نہ ہی وعدوں کی سیاست پر یقین ہے۔ اپنی جیب سے اپنے حلقہ کے عوام کا معیار زندگی بلند کرنے کے لیے کوشاں ہوں۔ انہوں نے کہا کہ لوگوں کو بخوبی علم ہوچکا ہے کہ میں روایتی سیاستدان نہیں ہوں بلکہ میدان سیاست میں میری منفرد اور الگ تھلگ پہچان ہے۔ انہوں نے کہا کہ حلقہ بھر کے سیاستدانوں میں اس لحاظ سے بھی سبقت پر ہوں کہ کووڈ 19 کے دوران مستحق گھرانوں میں راشن تقسیم کیا۔

سال ختم ہونے پر نئے سال کی خوشیاں منانے والوں کے لئے لمحہ فکریہ ہے کہ ہر آنے والا نیا سال خوشی کا نہیں بلکہ فکر آخرت کا پیغام لے کر آتا ہے، ملک غلام جیلانی آڑھتی

احمد پور سیال) تحصیل رپورٹر) ضلعی صدر جماعت الصالحین پاکستان اور سابق وائس چیئرمین بین المذاہب امن کمیٹی پنجاب ملک غلام جیلانی آڑھتی نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ سال ختم ہونے پر نئے سال کی خوشیاں منانے والوں کے لئے لمحہ فکریہ ہے کہ ہر آنے والا نیا سال خوشی کا نہیں بلکہ فکر آخرت کا پیغام لے کر آتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ فانی انسان غافل ہے کہ ہر سال اسے موت کے اور قریب لے جاتا ہے اس سے بڑی اور حماقت کیا ہوگی کہ انسان خالق حقیقی کو راضی کرنے کی بجائے فضولیات کو ترجیح دیتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ سال کو الوداع کہنے کا حق صرف اسی صورت میں ادا کیا جاسکتا ہے کہ ہر کوئی اپنا محاسبہ کرے کہ بیتے ہوئے سال میں اس نے کتنی بار مسجد کا رخ کیا، کتنا ذکر اور احکام الٰہی بجا لایا؟ کس قدر اوروں کے کام آیا، مخلوق خدا کا دل تو نہیں دکھایا؟ انہوں نے کہا کہ نئے سال کا آغاز پر انسان کو اپنے گزشتہ اعمال کا وزن کرنا چاہیے اور ماضی کے دریچے میں جھانکنا چاہیے کہ اس کی نیکیوں کا پلڑا نیچے تو نہیں ہے۔ نصیب ہونے والا نیا سال انسانیت کو مزید نیک اعمال کر کے اپنی عاقبت سنوارنے کا موقع فراہم کرتا ہے اب یہ انسان پر منحصر ہے کہ وہ نئے سال کو غنیمت جان کر اپنے لئے زادراہ تیار کرتا ہے یا اس موقع کو ضائع کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسلامی سال کا آغاز تو محرم الحرام سے ہوتا ہے جو خوشیاں منانے کی بجائے جذبہ قربانی کو پروان چڑھانے اور حق سچ پر ڈٹ جانے کی ضرورت پر زور دیتا ہے

عمران علی SDO (آپریشن) رحمت ٹان سب ڈویژن فیسکو کے فراڈ متاثرین انصاف کے لئیے در بدر

فیصل آباد (شفاقت علی راجپوت) عمران علی) SDO آپریشن (رحمت ٹان سب ڈویژن فیسکو کے فراڈ متاثرین انصاف کے لئیے در بدر۔ چیک بانٹ کر دھوکے کو دینا وطیرہ بنالیا۔ بااثر SDO فیسکو عہدے کے رعب سے تعلقات استوار کرتا ھے بعد دھوکہ و فراڈ سے لوگوں کی جمع پونجیاں لوٹ لیتا ھے۔ سرکاری آفیسر وتعلقات کی وجہ سے ظالم SDO قانون کی پہنچ سے دور۔ تعیناتی علاقے میں اختیارات کے ناجائز، عہدے کی وجہ سے دھوکہ و فراڈ کرنے , سرکاری ملازمت کے ساتھ خلاف قانون پرائیویٹ کاروبار کرنے اور مجرمانہ غفلت کے ارتکاب پر فوری معطلی اور غیر جانبدار انکوائری ناگزیر۔ تفصیلات کے مطابق ماضی قریب میں کمالیہ میں تعیناتی کے دوران SDO عمران علی نے مقامی تاجر سے دوستانہ بنایا اور اعتماد بحال ھونے پر کاروباری تعلقات بنالیئے بعد ازاں لاکھوں روپوں کے چیک دیکر بڑی مقدار میں کھدر کپڑا کی خریداری کی۔ اور بدنیتی وسوچی سمجھی سازش کے تحت تاجر سے دھوکہ و فراڈ کرتے ہوئے متعلقہ بنک اکانٹ میں رقم نہ ہونے کے باوجود چیک جاری کیے جسکا انکشاف چیک ڈس آنر ہونے پر ہوا۔ اور لاکھوں کا قیمتی کپڑا ہڑپ کر گیا۔ اور اپنا تبادلہ فیصل آباد کروالیا۔ متاثرہ تاجر بدنیت اپنی رقم کی واپسی کے لیے منتیں کرتا رہا SDO نے اپنے عہدے کا ناجائز استعمال کرتے ہوئے دھوکہ و فراڈ کیا۔ متاثرہ تاجر کے مطابق عمران علی SDO فیسکو نے لیت و لعل سے کام لیتے ہوئے اپنا تبادلہ فیصل آباد کروالیا اور بعد ازاں انکاری ہوگیا اور سنگین نتائج کی دھمکیاں دینے لگا۔ کمالیہ کے متاثرہ تاجر عرفان سعید نے وفاقی سیکرٹری پانی و بجلی پاکستان ,ڈائریکٹر جنرل محکمہ FIA پنجاب ,ایڈوائزر فیصل آباد وفاقی محتسب پاکستان ,چیف ایگزیکٹو آفیسر محکمہ فیسکو SE , محکمہ فیسکو سے پرزور مطالبہ کیا ھے کہ دھوکہ فراڈ سے ہتھیائی گئی رقم واپس دلوائی جائے اور بددیانت) SDO آپریشن (سب ڈویژن رحمت ٹان عمران علی محکمہ فیسکو کو فی الفور معطل کیا جائے اور عہدے کے ناجائز استعمال کرتے ہوئے دھوکہ و فراڈ کرنے اور سرکاری عہدے کے ساتھ پرائیویٹ کاروبار کرنے پر سخت محکمانہ کاروائی عمل میں لائی جائے



Faisalabad Electric Supply Company Limited

HUMAN RESOURCES DIRECTORATE

No. 12431

Dated 28-11-2013

OFFICE ORDER

1. Adjustment of following FESCO Officers is hereby ordered with immediate effect as mentioned against each, in the interest of Company's work :-

2. This issues with the approval of Chief Executive Officer FESCO.

Director General (HR)
FESCO Faisalabad

لاہور: وزیر مائنز اینڈ منرلز پنجاب ابراہیم حسن مراد کو منیجنگ ڈائریکٹر پنجمن کی جانب سے بریفنگ دی جارہی ہے

جاپان: ایک دن میں زلزلے کے 155 جھٹکے 30 افراد ہلاک

جاپان کے وسطی علاقے میں 7.5 شدت کے زلزلے سے متعدد عمارتیں گر گئیں اور ایشیکاوا کی بندرگاہ میں آگ بھڑک اٹھی

وسیع علاقے میں بجلی اور مواصلات کا نظام تباہ ہونے سے لاکھوں صارفین کی بجلی منقطع، موبائل اور انٹرنیٹ سروس معطل ہوگئی

ٹوکیو (مانیٹرنگ ڈیسک) جاپان میں زلزلے کے 155 جھٹکوں کے نتیجے میں 30 افراد ہلاک ہوگئے۔ غیر ملکی خبر ایجنسی کے مطابق پیر کو جاپان کے وسطی علاقے میں 7.5 شدت کے زلزلے سے متعدد عمارتیں گر گئیں اور ہونشو کے علاقے ایشیکاوا کی بندرگاہ میں آگ بھڑک اٹھی۔ زلزلے کے باعث ساحلی علاقوں میں ایک میٹر سے زائد سونامی کی لہریں بلند ہوئیں۔ زلزلے سے متاثرہ علاقوں میں 155 جھٹکے محسوس کیے گئے۔ زلزلے (بقیہ نمبر 26)

بائیڈن کی جاپان کو زلزلے کے بعد مدد کی پیشکش

زلزلے کے بعد جاپان کو مدد فراہم کرنے کے لیے تیار ہیں: امریکی صدر

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر جو بائیڈن نے جاپان کے وسطی صوبے اشیکاوا میں آئے زلزلے کے بعد مدد کی پیش کش کردی۔ خبر ایجنسی کے مطابق صدر بائیڈن کا اپنے پیغام میں کہنا ہے کہ مشکل کی اس گھڑی میں جاپانی عوام کے ساتھ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ زلزلے کے بعد جاپان کو مدد فراہم کرنے کے لیے تیار ہیں۔ واضح رہے کہ جاپان کے دارالحکومت ٹوکیو سے چار سو کلومیٹر دور وسطی صوبے اشیکاوا میں 7.6 شدت کا زلزلہ آیا۔ زلزلے کے سبب درجنوں عمارتیں تباہ ہوگئیں، سڑکوں پر گہری دراڑیں (بقیہ نمبر 27)

اسرائیلی فوج کی نااہلی، 29 فوجی فرینڈلی فائر میں ہلاک

اسرائیل نے 5 بریگیڈ فوج غزہ سے واپس بلانے کا اعلان کردیا: ذرائع

غزہ (این این آئی) اسرائیلی حکام نے اپنی فوج کی نااہلی کا اعتراف کرلیا، غزہ میں گراؤنڈ آپریشن کے دوران 29 فوجی فرینڈلی فائر میں مارے گئے۔ اسرائیل نے 5 بریگیڈ فوج غزہ سے واپس بلانے کا اعلان کردیا۔ اسرائیلی حکام نے اپنی فوج کی نااہلی کا اعتراف کرلیا، گراؤنڈ آپریشن کے دوران 29 فوجی فرینڈلی فائر میں مارے گئے۔ اسرائیلی حکام کا کہنا ہے کہ 2 فوجیوں کو ساتھیوں نے غلطی سے گولی ماردی، 9 اسرائیلی فوجی اپنے ہی ٹینکوں کے نیچے آکر ہلاک ہوئے، کچھ فوجی بارودی مواد نصب (بقیہ نمبر 28)

رسول اللہؐ کی ذات ''صادق''، تو ابوبکر ''صدیق'' ہیں' قاری اعظم حسین

صداقت کا ذکر تا قیام قیامت جب بھی ہوگا ہر مسلمان کے دماغ میں ابوبکرؓ کا تصور خود بخود آئیگا

لاہور (این این آئی) جمعیت علما اسلام (س) لاہور کے امیر و مرکزی سالار مولانا قاری اعظم حسین نے کہا ہے کہ رسول اللہؐ کی ذات ''صادق'' تو ابوبکرؓ ''صدیق'' ہیں، صداقت کا ذکر تا قیام قیامت جب بھی ہوگا ہر مسلمان کے دماغ میں ابوبکرؓ کا تصور خود بخود آئے گا، سیدنا صدیق اکبرؓ افضل البشر بعد از انبیا علیہم السلام ہیں انکو ہر کار خیر میں سبقت حاصل ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جامع مسجد خاتم المرسلین میں سیرت سیدنا صدیق اکبر کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا، اس دوران ناظم اعلی جمعیت (بقیہ نمبر 29)

پنجاب کے بیشتر شہروں میں موسم شدید سرد وخشک رہے گا' محکمہ موسمیات

لاہور (این این آئی) محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے مطابق آئندہ 24 گھنٹے کے دوران صوبائی دارالحکومت لاہور سمیت پنجاب کے بیشتر شہروں میں موسم شدید سرد وخشک رہے گا۔ ترجمان محکمہ موسمیات کے مطابق لاہور سمیت میدانی علاقوں (بقیہ نمبر 23)

پاکستان نرسنگ کونسل کی صدر فرزانہ سے جنرل سیکرٹری ثانیہ کھیڑا کی ملاقات

لاہور (این این آئی) پاکستان نرسنگ کونسل کی صدر فرزانہ سے جنرل سیکرٹری ثانیہ کھیڑا نے ملاقات کر کے نرسنگ کے بنیادی ڈھانچے، ریگولیٹری سپورٹ کے مسائل سے آگاہ کیا۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان پرائیویٹ نرسنگ کالجز ایسوسی ایشن کی (بقیہ نمبر 24)

ریلوے کی ریکارڈ آمدن، وفاقی وزیر اشرف تارڑ کی اسٹاف اور انتظامیہ کی کاوشوں کی تعریف

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے مواصلات، ریلویز اور بحری امور شاہد اشرف تارڑ نے مالی سال 2023-24 کی پہلی ششماہی کے دوران 41 ارب کی ریکارڈ آمدنی حاصل کرنے پر ریلوے اسٹاف اور انتظامیہ کی کاوشوں کو سراہا ہے۔ پاکستان ریلوے کی آمدن میں گزشتہ سال کے (بقیہ نمبر 25)

روٹی 5 صرف
سے پسی عوام کیلئے
شہر میں سستا تندور
روٹی صرف 5 روپے
0308 4569900

رائے ونڈ: ماڈل بازار میں رفاہی تنظیم کی جانب سے قائم سستے تندور پر خواتین کی بڑی تعداد 5 روپے میں روٹی کے حصول کیلئے کھڑی ہے

آئی جی پنجاب کا پولیس افسران کی اعلیٰ تعلیم کیلئے احسن اقدام

پنجاب پولیس اور نجی یونیورسٹی میں باہمی تعاون بڑھانے بارے معاہدہ طے پاگیا

ہر رینک کے پولیس افسران کو ماسٹرز، ایم فل اور پی ایچ ڈی کی ڈگریوں کیلئے وظائف دیئے جائینگے

لاہور (این این آئی) آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کا پولیس افسران کی اعلیٰ تعلیم کے لئے احسن اقدام، پنجاب پولیس اور نجی یونیورسٹی میں باہمی تعاون بڑھانے بارے معاہدہ طے پاگیا، نجی یونیورسٹی نے پنجاب پولیس کے افسران کی اعلیٰ تعلیم کے لئے 05 کروڑ روپے سالانہ کا سکالرشپ فنڈ قائم کردیا۔ اس موقع پر آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے کہا کہ ہر رینک کے پولیس افسران کو ماسٹرز، ایم فل اور پی ایچ ڈی کی ڈگریوں کیلئے وظائف دیئے جائیں گے، پولیس افسران (بقیہ نمبر 35)

لاہور: خواتین بادامی باغ سبزی منڈی میں خریداری کررہی ہیں

اسرائیلی دہشتگردی، فلسطینی مجاہدین کے جوابی وار، 16 فوجی ہلاک

القسام بریگیڈ کا ایک اسرائیلی ہیلی کاپٹر اور ٹینکوں سمیت 71 گاڑیاں بھی تباہ کرنے کا دعوٰی

غزہ (این این آئی) اسرائیلی دہشت گردی اور بربریت کے جواب میں فلسطینی مجاہدین کے جوابی حملے بھی جاری ہیں جس کے دوران 16 فوجی ہلاک ہوگئے۔ اسرائیلی دہشت گردی کے جواب میں فلسطینی مجاہدین کے حملے جاری ہیں۔ القسام بریگیڈ کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا کہ اس نے 4 روز میں 16 صیہونی فوجی ہلاک کردیے۔ بیان میں ایک اسرائیلی ہیلی کاپٹر اور ٹینکوں سمیت 71 گاڑیاں بھی تباہ کرنے کا دعوٰی کیا گیا ہے۔

24 گھنٹے کے دوران پنجاب میں ڈینگی کے دو مریض رپورٹ

36 گزشتہ سال پنجاب میں ڈینگی کے 15 ہزار 185 کنفرم مریض رپورٹ ہوئے

لاہور (این این آئی) گزشتہ 24 گھنٹے کے دوران پنجاب میں ڈینگی کے دو مریض رپورٹ ہوئے۔ سیکرٹری صحت پنجاب علی جان خان کے مطابق رپورٹ ہونے والے دونوں مریضوں کا تعلق لاہور سے ہے۔ پنجاب بھر کے ہسپتالوں میں اس وقت ڈینگی کے کل 9 مریض زیر علاج ہیں۔ سیکرٹری صحت کے مطابق گزشتہ سال پنجاب کے 36 اضلاع میں ڈینگی کے 15 ہزار 185 کنفرم (بقیہ نمبر 36)

کے پی اور وفاق میں مخلوط حکومتیں بنیں گی: امیر حیدر ہوتی

پی ٹی آئی بتادے کہ کس ایجنڈے کے تحت ہم سے اتحاد کریگی: رہنما اے این پی

پشاور (این این آئی) عوامی نیشنل پارٹی (اے این پی) کے مرکزی نائب صدر امیر حیدر خان ہوتی نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی بتادے کہ کس ایجنڈے کے تحت ہم سے اتحاد کرے گی، 9 مئی والے ایجنڈے کی حمایت نہیں کر سکتے۔ ایک انٹرویو میں امیر حیدر ہوتی نے کہا کہ جمہوریت کی بات ہو تو پی ٹی آئی سے اتحاد پر اے این پی مشورہ کرسکتی ہے، 13 جنوری تک انتخابات میں سیاسی جماعتوں سے اتحاد کا فیصلہ ہوجائے گا۔

لاہور: بوہڑ والا چوک میں قائم تجاوزات کے باعث ٹریفک کی روانی بری طرح متاثر ہورہی ہے

اے آئی ٹیکنالوجی چہرے سے جذبات کی درست شناخت کرنے میں کامیاب

برن (این این آئی) نئی تحقیق سے یہ بات سامنے آئی ہے کہ اے آئی ٹیکنالوجی چہرے کے تاثرات سے جذبات کو پہچاننے کی صلاحیت بھی رکھتی ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق سوئٹزرلینڈ میں سائنسدانوں کی ایک ٹیم نے کہا ہے کہ حالیہ دریافت سائیکوتھراپی کے شعبے میں مزید ترقی کا باعث بن سکتی ہے۔ سوئٹزرلینڈ کی یونیورسٹی آف بیسل میں سینٹر فار سائنٹیفک کمپیوٹنگ کے سائنسدانوں کی ٹیم نے AI کی ایک ذیلی ٹیکنالوجی، آرٹیفیشل نیورل نیٹ ورک کو 30,000 سے زیادہ چہرے کی تصاویر کی تربیت دی تاکہ وہ 6 بنیادی جذبات کا پتہ لگا سکے جیسے کہ خوشی، تعجب، غصہ، نفرت، اداسی، اور خوف۔ اس کے بعد محققین نے اے آئی ماڈل کو ماہرین نفسیات کے عمومی تھراپی سیشنز کی 950 گھنٹے سے زائد کی ویڈیوز کا تجزیہ کرنے کے لیے استعمال کیا جس میں دوہری شخصیت کے مرض میں مبتلا 23 افراد کو دکھایا گیا تھا۔ اے آئی ماڈل سے برآمد شدہ تجزیوں کا تین تربیت یافتہ معالجین کے نتائج کے ساتھ موازنہ کیا گیا جس میں ماہرین نے دونوں نتائج میں یکسانیت دیافت کی۔ ماہرین کا کہنا تھا کہ اے آئی ٹیکنالوجی مریضوں کے چہرے کے تاثرات کا درست اندازہ (بقیہ نمبر 32)

ایل این جی کی درآمد میں پہلے 5 ماہ کے دوران سالانہ بنیاد پر 7 فیصد کمی ہوئی، ادارہ شماریات

مکوآنہ (این این آئی) ایل این جی کی درآمدات میں جاری مالی سال کے پہلے 5 ماہ کے دوران سالانہ بنیاد پر 7 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی۔ پاکستان بیورو برائے شماریات کے مطابق جولائی سے نومبر تک ایل این جی کی درآمد پر 1.456 ارب ڈالر زرمبادلہ خرچ ہوا جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت کے مقابلے میں 7 فیصد کم ہے، گزشتہ مالی سال کی اسی مدت میں ایل این جی کی درآمد پر 1.585 ارب ڈالر (بقیہ نمبر 33)

فیصل آباد انٹرنیشنل ائیر پورٹ سے منشیات سمگلر گرفتار، آئس برآمد

مکوآنہ (این این آئی) اینٹی نارکوٹکس فورس نے فیصل آباد انٹرنیشنل ائیر پورٹ سے لاکھوں روپے مالیت کی 1.5 کلوگرام آئس برآمد کر کے منشیات سمگلر کو گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق اینٹی نارکوٹکس فورس، ائیر پورٹ سکیورٹی فورسز اور کسٹمز حکام نے فیصل آباد انٹرنیشنل ائیر پورٹ سے منشیات سمگلنگ کی کوشش کو ناکام بناتے ہوئے منشیات سمگلر مسافر وقاص کو گرفتار کرلیا۔ ملزم کے قبضہ سے 1.5 کلوگرام آئس برآمد کی گئی جو ملزم نے بڑی مہارت سے بیگ کے خفیہ خانوں میں چھپا رکھی تھی۔ (بقیہ نمبر 34)

چیف ایڈیٹر: مسز راحت آراء
ایڈیٹر: حیدر علی بھٹی
پرنٹر و پبلشر اصغر علی جٹ نے مسافت پرنٹرز سے چھپوا کر آٹو سنٹر 108 لٹن روڈ لاہور سے شائع کیا
رابطہ نمبر۔ 0320-1420226